Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 ہفتہ ، 24 اکتوبر 2026ء ، 12 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 181

وزیرداخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایت اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں اسلام آباد کے زون فور اور فائیو کی 65 یونین کونسلز میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولیات کی فراہمی جاری

65 یونین کونسلز میں صفائی کا جدید نظام متعارف

سی ڈی اے کی تاریخ میں پہلی بار زون 4 اور 5 کے دیہی علاقوں تک سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی خدمات میں توسیع، روزانہ 342 ٹن کوڑا اٹھکانے لگایا جائے گا، سی ڈی اے

ترک کمپنی کے تعاون سے 1600 سے زائد اہلکار اور جدید مشینری متحرک، شہریوں کی جانب سے اقدام کا خیر مقدم، دیہی اور مضافاتی علاقوں کے رہائشیوں کو بھی بہتر شہری خدمات فراہم کی جائیں

چھٹے R4 اجلاس کے آغاز سے قبل پاکستان، ترکی، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کی گروپ تصویر

اسلام آباد(این ای این) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف کی قیادت میں سی ڈی اے نے اپنی تاریخ میں پہلی بار اسلام آباد کے زون فور اور زون فائیو کے دیہی علاقوں تک سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی خدمات کو توسیع دے دی ہے۔ اس اہم اقدام کا مقصد ان علاقوں میں صفائی ستھرائی کے دیرینہ مسائل کو حل کرنا اور شہریوں کو صاف (بقیہ نمبر 8)

عالمی یوم پولیو آج ہفتہ، 24 اکتوبر کو منایا جارہا ہے

پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کی تجدید، فرنٹ لائن ورکرز کی خدمات کو خراجِ تحسین

والدین ہر مہم میں 5 سال سے کم عمر بچوں کو قطرے لازمی پلوائیں،، پنجاب ای او سی

راولپنڈی(این ای این) عالمی یوم پولیو آج ہفتہ، 24 اکتوبر کو منایا جارہا ہے، جس کا مقصد پولیو کے عالمی خاتمے کی کوششوں کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا اور ہر بچے کو اس قابلِ تدارک مگر عمر بھر کی معذوری کا سبب بننے والی بیماری سے محفوظ بنانے کے عزم کو (بقیہ نمبر 9)

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں مزید 0.65 فیصد اضافہ

ہفتے میں میں 19 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 12 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں ایک ہفتہ معمولی کمی کے بعد پھر سے مہنگائی کی شرح میں اضافہ ہوگیا ہے اور حالیہ ہفتے پھر ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 0.65 فیصد اضافہ ہوگیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں (بقیہ نمبر 19)

پولیس افسران تھانوں کا ماحول بہتر بنائیں گورنر پنجاب

پولیس کا نظام خلفائے راشدین کے زمانے سے چلا آرہا ہے، سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کے وفد سے ملاقات

لاہور(این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں نیشنل پولیس اکیڈمی میں سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کے وفد نے ایس پی اورنگزیب کی قیادت میں ملاقات کی۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 18)

خیبرپختونخوا سے دہشتگردی کا قلع قمع کیا جائے گا، رانا ثنا اللہ

دہشتگردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جاسکتا، 28 ویں ترمیم پر کوئی بات ہوئی نہ کوئی مسودہ سامنے آیا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما، وزیر اعظم کے مشیر، سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کر رہے ہیں

آبادی سات گنا بڑھ گئی، صوبائی حدود وہیں کی وہیں، پاکستان میں انتظامی تقسیم پر نظرثانی ناگزیر، ابراہیم مراد

بااختیار مقامی حکومتوں کی تشکیل وقت کی اہم ضرورت

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس پر فیصلے سیاسی نعروں کے بجائے زمینی حقائق پر ہونے چاہئیں، پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا، ابراہیم حسن مراد

دور دراز اضلاع کے انتظامی امور دارالحکومتوں سے چلانا مؤثر حکمرانی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، سابق وزیر بلدیات پنجاب اور صدر یو ایم ٹی

صوبے این ایف سی ایوارڈ سے اپنا حصہ تو وصول کرتے ہیں لیکن ان وسائل کا استعمال اور اضلاع میں منصفانہ تقسیم عوامی ضروریات کے مطابق نہیں ہو رہی

مقامی حکومتوں کو محض اختیارات کی منتقلی کافی نہیں، بلکہ ان کو مالی وسائل، واضح ذمہ داریاں اور شفاف احتساب فراہم کرنا آئینی تقاضا ہے، ایڈمنسٹریٹو سروسز اکیڈمی میں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکا کو بریفنگ

لاہور(این ای این) سابق وزیر بلدیات پنجاب اور یو ایم ٹی کے صدر ابراہیم حسن مراد نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد ملک کی آبادی میں سات گنا اضافہ ہو چکا ہے، مسائل اور انتظامی ضروریات کئی گنا بڑھ چکی ہیں، لیکن صوبوں کی حدود آج بھی وہی ہیں، دنیا کے بڑے وفاقی ممالک میں 27 سے 51 تک انتظامی یونٹس موجود ہیں، جبکہ پاکستان کے صوبے آبادی کے لحاظ سے کئی ممالک سے (بقیہ نمبر 16)

لاہور: مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے یو ایم ٹی کے مطالعاتی دورے کے موقع پر یونیورسٹی کے صدر ابراہیم مراد کو سول سروسز اکیڈمی کی ایڈیشنل ڈائریکٹر نازیہ جبین سوونیئر پیش کر رہی ہیں

لاہور: مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کی یو ایم ٹی کے مطالعاتی دورے کے موقع پر صدر ابراہیم حسن مراد کے ساتھ گروپ فوٹو

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ

پیش رفت کا جائزہ، معیار اور کوالٹی کو برقرار رکھتے ہوئے منصوبہ کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

کام کے آغاز کے صرف دو ہفتوں میں 51 فیصد کام مکمل، ہر صورت مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، سہیل اشرف

تعمیراتی معیار اور کوالٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، منصوبے سے جڑواں شہروں میں ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد(این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران اور تعمیراتی ٹیموں کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، جبکہ تعمیراتی معیار اور کوالٹی پر سختی سے (بقیہ نمبر 10)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ سے ملاقات

عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق

استنبول(این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، کاروباری اداروں کے درمیان روابط، زراعت، ادویہ سازی، علاقائی رابطوں، قابل تجدید توانائی، دفاع اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ جمعہ کو (بقیہ نمبر 20)

وزارت خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ کی سالانہ مالی رپورٹ جاری

وزارت بحری امور کے تین ادارے ملک کے 10 منافع بخش سرکاری اداروں میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ نے مالی سال 2024-25 کی سالانہ رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق وزارت (بقیہ نمبر 21)

تحریک انصاف میں قیادت پر اختلاف نہیں، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختون خوا (بقیہ نمبر 22)

معروف کالم نگار ایم ایم علی کی پی ایس او ٹو گورنر پنجاب علی سردار صاحب سے ملاقات، نئی کتاب کا مسودہ پیش کر دیا

معروف کالم نگار ایم ایم علی کی پی ایس او ٹو گورنر پنجاب علی سردار سے ملاقات

نئی کتاب ”اٹک سے گورنر ہاؤس تک“ کا مسودہ پیش کیا، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے سیاسی سفر، جدوجہد کو قلم بند کیا گیا ہے

اپووا کے بانی و مصنف ایم ایم علی کی جدید کاوش کو صحافتی و ادبی حلقوں میں اہم پیش رفت قرار دے دیا گیا

معروف کالم نگار، مصنف اور سماجی شخصیت ایم ایم علی کی پی ایس او ٹو گورنر پنجاب علی سردار صاحب سے ان کے دفتر میں ملاقات

لاہور(این ای این) معروف کالم نگار، مصنف اور سماجی شخصیت ایم ایم علی نے پی ایس او ٹو گورنر پنجاب جناب علی سردار صاحب سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایم ایم علی نے اپنی نئی آنے والی کتاب ”اٹک سے گورنر ہاؤس تک“ کا مسودہ انہیں پیش کیا۔ کتاب ”اٹک سے گورنر ہاؤس تک“ میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی سیاسی زندگی، جدوجہد اور سیاسی سفر کو قلم بند کیا گیا ہے۔ یہ تصنیف ان کے سیاسی سفر اور عوامی و سیاسی خدمات کو تحریری صورت میں محفوظ کرنے کی ایک اہم کاوش ہے۔ ایم ایم علی کا شمار ادبی و صحافتی حلقوں میں معروف لکھاریوں میں ہوتا ہے۔ وہ اپنی تحریروں اور تصنیفی خدمات کے (بقیہ نمبر 15)

وفاق خیبر پختونخوا کو مزید فنڈز دینے کو تیار ہے، طلال چوہدری

صوبے کو این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی دیا جاتا ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کو دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں کے لیے مزید فنڈز دینے کو تیار ہے ،(بقیہ نمبر 30)

صدر آصف علی زرداری نے جرمنی میں سرکاری استقبالیہ تقریب کے دوران گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا

ماں اور بیٹی کی لاش ملنے کا واقعہ، دونوں کو قتل کیے جانے کا انکشاف

عرصہ دراز سے ماں اور بہن سے کوئی رابطہ نہیں تھا، مقتولہ کے بیٹوں کا پولیس کو بیان

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے قریشی آباد میں گھر سے ماں اور بیٹی کی لاشیں ملنے کے معاملے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، ابتدائی تحقیقات کے مطابق دونوں کو قتل کیا گیا ہے، مقتولین کی شناخت راولا بی بی اور ان کی 24 سالہ بیٹی نومین (بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ندیم ناصر کی راجہ بازار میں بارش کے پانی کی نکاسی کا جامع منصوبہ 15 روز میں مکمل کرنے کی ہدایت

بیوٹیفکیشن منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے

جاری سکیموں کے ریٹس کا دیگر سکیموں سے تقابلی جائزہ اور ان پر کام کے معیار کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل

واسا آئندہ ایک منصوبہ مکمل کرنے کے بعد ہی دوسرے مقام پر کھدائی کرے گا، جاری منصوبوں کی فوری تکمیل کا حکم

ترقیاتی کاموں کے معیار پر سمجھوتہ ہوگا نہ تاخیر، واسا ایک کام مکمل کیے بغیر دوسری جگہ کھدائی نہیں کرے گا، کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی(این ای این) راولپنڈی ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت شہر میں جاری بیوٹی فکیشن منصوبوں کی پیش رفت، درپیش مسائل اور تکمیل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم، اسسٹنٹ کمشنر صدر اختر ملک، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔(بقیہ نمبر 11)

حنا جاوید پر بہیمانہ تشدد کی لرزہ خیز تصاویر سامنے آگئیں

راولپنڈی میں خاتون حنا جاوید کے قتل کیس میں لرزہ خیز انکشافات کا سلسلہ جاری ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں خاتون حنا جاوید کے قتل کیس میں مقتولہ پر موت سے قبل بہیمانہ تشدد کی مزید لرزہ خیز تصاویر اور ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آگئی۔ تصاویر میں مقتولہ کے جسم پر تشدد اور مبینہ درندگی کے بہت سے شواہد سامنے آئے۔ (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ماورائے عدالت قتل تشویشناک، حکمران جواب دہ ہیں، میاں شاہد حسین

لاہور (این این آئی) صدر اوورسیز پاکستانی بزنس کمیونٹی کینیڈا میاں شاہد حسین نے پنجاب میں مبینہ ماورائے عدالت ہلاکتوں کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے حکمران ان واقعات کی ذمہ داری سے بری (بقیہ نمبر 24)

سپریم کورٹ بار کے انتخابات 29 اکتوبر کو ہوں گے

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ بار کے انتخابات 29 اکتوبر بروز جمعرات کو ہوں گے، ووٹنگ صبح ساڑھے 8 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گی۔ سپریم کورٹ بار کی صدارت کے لئے امجد شاہ، سردار امان اللہ خان کے درمیان مقابلہ ہوگا ۔ امجد شاہ (بقیہ نمبر 25)

غیر رجسٹرڈ یتیم خانے کیخلاف کارروائی، 16 بچے شیلٹر ہوم منتقل

یتیم خانے میں زیر کفالت بچوں کو ورثا کے حوالے کرنے کا عمل مکمل کرلیا گیا

ملتان: (اے ایف پی) ملتان میں 15 سال کے وسیم عباس کے کار سے کچلے جانے کے بعد غیر رجسٹرڈ یتیم خانے کیخلاف کارروائی کی گئی ہے ۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے مطابق یتیم خانے میں زیر کفالت بچوں کو ورثا کے حوالے کرنے کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے ، (بقیہ نمبر 29)

لاہور میں سہ روزہ بسنت کی تاریخوں کا باضابطہ اعلان

محفوظ بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027 کو منائی جائے گی، حکومت پنجاب

لاہور(اے ایف پی) پنجاب حکومت نے لاہور میں بسنت کی تاریخوں کا باضابطہ اعلان کردیا۔ سیکرٹری داخلہ احمد جاوید کی زیر صدارت بسنت کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ لاہور میں محفوظ بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027 کو (بقیہ نمبر 28)

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کا چائلڈ پروٹیکشن انسٹیٹیوشن کا دورہ

بچوں کو محفوظ و سازگار ماحول فراہم کیا جائے اور ان کی تعلیم و شخصیت سازی پر توجہ دیں، کمشنر راولپنڈی

ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ خلیل احمد کی بریفنگ، کمشنر سلمان غنی کی نئی چائلڈ پروٹیکشن عمارت جلد مکمل کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی صاحب نے چائلڈ پروٹیکشن انسٹیٹیوشن، راولپنڈی کا دورہ کیا اور ادارے میں بچوں کی دیکھ بھال، رہائش، خوراک، تعلیم ہنر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر نے ادارے کے مختلف حصوں، بالخصوص کلاس رومز، کچن، رہائشی ایریا، ٹیلرنگ کلاس، کمپیوٹر کلاس اور دفاتر کا دورہ کیا اور بچوں سے ملاقات کر کے انہیں فراہم (بقیہ نمبر 14)

حافظ آباد، باپ سمیت 2 افراد کا قتل، 2 بیٹے اور ماں گرفتار

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد میں کلہاڑی کے وار کر کے باپ اور اس کے دوست کو قتل کرنے والے دونوں بیٹوں اور ان کی ماں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 33)

مسافر بس اور وین کے درمیان خوفناک تصادم، 12 افراد جاں بحق

22 زخمی، حادثے میں زخمی ہونے والے 7 افراد کی حالت تشویشناک ہے

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں اوتھل پوائنٹ کے قریب مسافر بس اور وین کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 12 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع نے تصدیق کی کہ حادثے کا شکار ہونے والی بس لسبیلہ سے کراچی جا رہی تھی۔ (بقیہ نمبر 32)

تاریخی تحقیق کے ذریعے نئی نسل کو اپنے ماضی سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، چیئرمین تعلیمی بورڈ سرگودھا

عباس حیدر گوندل کا احمد نعیم ملک کو 10 سالہ تحقیقی جدوجہد پر خراجِ تحسین

ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک کی چیئرمین تعلیمی بورڈ سے ملاقات، اپنی کتاب ”تاریخ سکندر کا گمشدہ باب“ پیش کی

اساتذہ طلبہ میں تاریخ کا شوق پیدا کریں، نوجوان کتاب کا مطالعہ کرکے مقامی تاریخ سے آگاہ ہوں، چیئرمین بورڈ

سرگودھا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک چیئرمین تعلیمی بورڈ سرگودھا حیدر عباس گوندل کو اپنی تحقیقی کتاب تاریخ سکندر کا گمشدہ باب پیش کر رہے ہیں

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین تعلیمی بورڈ سرگودھا حیدر عباس گوندل سے ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک نے ملاقات کی اور انہیں اپنی تحقیقی کتاب ”تاریخ سکندر کا گمشدہ باب“ پیش کی۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ نے کتاب کی تیاری کے لیے دس سالہ مسلسل تحقیق اور محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں، جب انفارمیشن ٹیکنالوجی نے علم و معلومات تک رسائی کو آسان بنا دیا ہے، تاریخی موضوع پر اس قدر تفصیلی تحقیق کرنا ایک قابلِ قدر علمی کاوش ہے۔ ایسی کتابیں نہ صرف ہمارے ماضی کو سمجھنے میں مدد دیتی ہیں بلکہ مستقبل کے محققین کے لیے بھی تحقیق کے نئے راستے کھولتی ہیں۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ حیدر عباس گوندل نے کہا کہ نوجوان نسل کو اپنی تاریخ، تہذیب (بقیہ نمبر 12)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ پراجیکٹ کا دورہ کر رہے ہیں

سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے لڑکی کو موٹر سائیکل سے گرا کر تھپڑ مارے، بال نوچے اور تشدد کا نشانہ بنایا

لاہور (اے ایف پی) لاہور کے علاقے مزنگ میں سکوٹی پر سفر کرتی لڑکی سے غنڈہ گردی اور تشدد کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا پولیس حکام کے مطابق ملزم غلام مصطفیٰ نے مزنگ لنک روڈ پر موٹر سائیکل سوار لڑکی کو ٹکر مار کر زبردستی راستہ روکا، ملزم نے لڑکی کو (بقیہ نمبر 27)

حنا جاوید قتل کیس، پوسٹ مارٹم رپورٹ میں سنگین تشدد کی تصدیق

پارلیمنٹ کی داخلہ کمیٹی نے کیس پر غور کیلئے 29 اکتوبر کو اجلاس طلب کرلیا ہے

لاہور: (اے ایف پی) حنا جاوید قتل کیس میں تشدد کی مزید تصاویر اور اصل پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آگئی، جس میں مقتولہ کے جسم پر تشدد اور متعدد سنگین زخموں کی تصدیق ہوئی ہے ۔ پارلیمنٹ کی داخلہ کمیٹی نے کیس پر غور کے لیے 29 اکتوبر کو اجلاس طلب (بقیہ نمبر 26)

کمشنر راولپنڈی سلمان غنی کی زیر صدارت ڈویژنل ماحولیاتی کمیٹی (EPA) کا اہم اجلاس

نئے پولٹری فارمز کے لئے این او سی کی منظوری

پولٹری فارمز شہری آبادیوں سے دور قائم کیے جائیں اور فضلہ و تلفی کے نظام کو بہتر بنائیں، کمشنر راولپنڈی

زیر تعمیر فارمز کی مرحلہ وار انسپکشن کی جائے، جلد واسا اور واپڈا حکام کے ساتھ مشترکہ اجلاس طلب کرنے کا حکم

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (EPA) کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ، ڈی او انوائرنمنٹ، ڈین انوائرنمنٹ سائنسز فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی، پولٹری فارمز سے منسلک مالکان سمیت ڈپٹی کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر اٹک اور ڈپٹی کمشنر جہلم نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں پولٹری انڈسٹری کے مختلف کیسز کے لئے این او سی جس میں تعمیراتی یا آپریشنل منظوری پر ڈسکشن کی گئی۔ (بقیہ نمبر 13)

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ، جناب قیصر احمد شیخ نے بیگ سی ای اوز، انٹر پرینیور زاینڈ انوویشن ایونٹ، ایکسپو اینڈ ایوارڈز کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریلوے کی زبوں حالی

گزشتہ روز قومی اسمبلی میں وفاقی وزیر ریلوے کی جانب سے پیش کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق جنوری 2022ء سے ستمبر 2026ء تک ملک میں ٹرینوں کے پٹری سے اترنے کے 349 واقعات پیش آئے۔ ان میں 95 واقعات عملے کی غلطی اور 64 رولنگ سٹاک کی خرابی کے باعث ہوئے’ جبکہ سب سے بڑی وجہ ریلوے ٹریک کی خرابی بتائی گئی۔ ملک میں تواتر سے پیش آنیوالے ریلوے حادثات حفاظتی انتظامات اور دیکھ بھال کے نظام کا ازسرنو جائزہ لینے کی متقاضی ہیں۔ قیامِ پاکستان کے بعد ملک میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر مطلوبہ توجہ نہیں دی جاسکی۔ نئے ٹریک بچھانا تو دور کی بات موجودہ پٹریوں کی بروقت مرمت اور دیکھ بھال بھی ایک بڑا چیلنج دکھائی دیتی ہے۔

ٹریک’ سگنل نظام’ انجنوں اور بوگیوں کی حالت ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہے؛ ان میں سے کسی ایک حصے کی خرابی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ حکام کو چاہیے کہ خطرناک ریلوے ٹریکس کی فوری نشاندہی’ باقاعدہ تکنیکی معائنے’ بروقت مرمت اور حفاظتی آلات کی تنصیب کیلئے اقدامات کریں۔ عملے کی غلطیوں کی روک تھام کیلئے تربیت’ قواعد پر سختی سے عملدرآمد اور غفلت کے مرتکب افراد کیخلاف شفاف کارروائی بھی ضروری ہے۔ ریلوے کی بحالی کیلئے مسلسل سرمایہ کاری اور مؤثر انتظام ضروری ہے۔

وہ اک شخص

تحریر: شازیہ یاسین، پنوعاقل کینٹ

اس بزمِ ہستی میں موجود تمام مخلوقات میں انسان کو ایک خاص مقام عطا کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے عقل، شعور، احساس اور محبت جیسی بے شمار نعمتوں سے نواز کر اشرف المخلوقات بنایا۔ یہی وہ مخلوق ہے جسے ربِ کائنات نے زمین پر اپنا نائب مقرر فرمایا۔ انسان چاہے بلند و بالا پہاڑوں کی چوٹیوں پر رہتا ہو، تپتے صحراؤں میں سفر کرتا ہو، سمندر کی گہرائیوں کو کھنگالتا ہو یا جنگلات کی خاموش فضاؤں میں بسیرا کرتا ہو، ہر جگہ اس کی عظمت اور صلاحیت نمایاں نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے وجود کو محبت اور احساس کے خمیر سے تخلیق کیا ہے۔ اس کے دل میں رحم، شفقت، اپنائیت اور دوسروں کا درد محسوس کرنے کی صلاحیت رکھی گئی ہے تاکہ وہ صرف اپنی ذات تک محدود نہ رہے بلکہ دوسروں کے لیے آسانی اور سکون کا ذریعہ بھی بنے۔
مگر افسوس کہ آج کا انسان ترقی کی دوڑ میں کہیں نہ کہیں اپنی اصل حقیقت سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ جدید دور کی چکا چوند، مادہ پرستی اور بے پناہ مصروفیات نے انسان کو اندر سے بے سکون کر دیا ہے۔ ہر شخص صبح سے رات تک اپنے خوابوں اور ضروریات کی تکمیل کے لیے بھاگ رہا ہے، مگر اس دوڑ میں نہ ذہنی سکون باقی رہا ہے اور نہ ہی روحانی اطمینان۔ رشتے کمزور ہوتے جا رہے ہیں، احساسات ماند پڑ رہے ہیں اور لوگ ایک دوسرے سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ ہر انسان بظاہر ہجوم میں موجود ہے لیکن اندر سے تنہائی کا شکار ہے۔
یہی وجہ ہے کہ آج عدم برداشت، غصہ، بے صبری اور جذباتی کمزوری عام ہوتی جا رہی ہے۔ انسان اپنی انا اور خود غرضی کے حصار میں قید ہو چکا ہے۔ ہر شخص اپنی ذات اور مفادات میں اس قدر گم ہے کہ دوسروں کے احساسات کی قدر کم ہوتی جا رہی ہے۔ ایسے ماحول میں اگر کسی کی زندگی میں کوئی ایسا شخص موجود ہو جو بنا کسی غرض کے اس کا خیال رکھتا ہو، اس کی خوشی میں خوش اور اس کے غم میں اداس ہو جاتا ہو، تو یقیناً وہ شخص اللہ تعالیٰ کی ایک خاص نعمت ہے۔
وہ شخص جو آپ کی خاموشی کو بھی سمجھ لے، آپ کی آنکھوں میں چھپی اداسی پڑھ لے، آپ کی پریشانی کو محسوس کرے اور آپ کے چہرے پر مسکراہٹ لانے کے لیے اپنی خوشیاں تک قربان کر دے، واقعی بہت انمول ہوتا ہے۔ دنیا میں ہر تعلق کسی نہ کسی مفاد کے گرد گھومتا نظر آتا ہے، مگر کچھ رشتے ایسے بھی ہوتے ہیں جو صرف محبت، خلوص اور اپنائیت پر قائم ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ انسان کی زندگی میں سکون کا باعث بنتے ہیں۔ ان کے ساتھ چند لمحے گزارنے سے دل کو عجیب سی راحت محسوس ہوتی ہے۔
زندگی میں ایک ایسا شخص ضرور ہونا چاہیے جس کے سامنے انسان بنا کسی خوف اور جھجھک کے اپنے دل کی ہر بات کہہ سکے۔ ایک ایسا شخص جس کے سامنے انسان کو رسمی الفاظ یا بناوٹ کی ضرورت محسوس نہ ہو۔ جو آپ کی کمزوریوں کے باوجود آپ کو قبول کرے، آپ کی غلطیوں پر آپ کو چھوڑنے کے بجائے سنبھالے، آپ کی ناکامیوں میں آپ کا حوصلہ بنے اور آپ کی کامیابی پر دل سے خوش ہو۔
بعض لوگ ہماری زندگی میں اس طرح شامل ہوتے ہیں جیسے برسوں سے ہمارا حصہ ہوں۔ نہ ان سے کوئی پرانی شناسائی ہوتی ہے اور نہ ہی کسی منصوبہ بندی کے تحت وہ ہماری زندگی میں آتے ہیں، مگر وقت کے ساتھ وہ ہمارے دل کے اتنے قریب ہو جاتے ہیں کہ ان کے بغیر زندگی ادھوری محسوس ہونے لگتی ہے۔ یہ وہ تعلقات ہوتے ہیں جنہیں شاید لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ روحوں کا تعلق اکثر دلوں کی زبان سمجھ لیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ چند ملاقاتوں میں بھی برسوں کی اپنائیت دے جاتے ہیں۔
وہ شخص جو آپ کے سفر پر جانے سے پہلے دعاؤں میں آپ کو یاد رکھے، آپ کی سلامتی کے لیے فکرمند رہے، آپ کی اداسی پر خود بے چین ہو جائے اور آپ کے چہرے کی مسکراہٹ کو اپنی خوشی سمجھنے لگے، ایسا انسان واقعی نایاب ہوتا ہے۔ دنیا میں بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بنا کسی مطلب کے دوسروں کے لیے جیتے ہیں۔ اکثر لوگ ساتھ تب تک دیتے ہیں جب تک ان کے مفادات وابستہ ہوں، لیکن بے غرض محبت کرنے والے لوگ قسمت والوں کو نصیب ہوتے ہیں۔
ماہرینِ نفسیات بھی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہر انسان کی زندگی میں کم از کم ایک ایسا شخص ضرور ہونا چاہیے جس کے سامنے وہ اپنے جذبات، خوف، پریشانیاں اور دکھ بیان کر سکے۔ انسان جب اپنے دل کی بات کسی مخلص انسان سے کرتا ہے تو اس کے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے۔ یہی تعلق انسان کو ذہنی سکون اور جذباتی مضبوطی عطا کرتا ہے۔
بدقسمتی سے آج کے دور میں لوگ تعلقات نبھانے کے بجائے انہیں آزمانے لگے ہیں۔ معمولی غلط فہمیوں پر برسوں کے رشتے ختم کر دیے جاتے ہیں۔ حالانکہ محبت اور خلوص کا تقاضا یہ ہے کہ انسان دوسروں کی خامیوں کو برداشت کرنا سیکھے۔ جو لوگ ہمارے لیے مخلص ہوتے ہیں ان کی قدر کرنا بے حد ضروری ہے کیونکہ وقت گزر جانے کے بعد اکثر انسان کو احساس ہوتا ہے کہ اس نے کتنے قیمتی لوگوں کو کھو دیا۔
اگر آپ کی زندگی میں بھی کوئی ایسا شخص موجود ہے جو آپ کا مخلص ہے، آپ کی پرواہ کرتا ہے اور ہر حال میں آپ کے ساتھ کھڑا رہتا ہے تو اس کی قدر کیجیے۔ اسے اپنے رویوں، الفاظ اور محبت سے یہ احساس دلایئے کہ وہ آپ کے لیے اہم ہے۔ کیونکہ یہ زندگی بہت مختصر ہے اور اس سے بھی مختصر یہ خوبصورت لمحے ہیں۔ انسان ساری زندگی ایسے لوگوں کی تلاش میں گزار دیتا ہے جو اسے سمجھ سکیں، مگر ہر کسی کو یہ نعمت نصیب نہیں ہوتی۔
ہم اکثر دوسروں سے امید رکھتے ہیں کہ وہ ہمارے لیے آسانی پیدا کریں، ہمیں سمجھیں، ہمارا سہارا بنیں، مگر کبھی ہم نے یہ سوچا کہ ہم خود کسی کے لیے وہ خاص انسان کیوں نہ بن جائیں؟ کیوں نہ ہم کسی کے درد کا مداوا بنیں، کسی کی امید بنیں، کسی کے چہرے کی مسکراہٹ کا سبب بنیں؟ دنیا کو آج سب سے زیادہ بے غرض محبت، خلوص اور احساس کی ضرورت ہے۔ اگر ہر انسان صرف ایک دوسرے انسان کے لیے آسانی پیدا کر دے تو شاید دنیا بہت خوبصورت ہو جائے۔
یقین جانیے، دوسروں کے لیے مخلص ہونا، ان کے دکھ بانٹنا، ان کے چہروں پر خوشی لانا اور ان کے لیے دعا کرنا ایک ایسا سکون عطا کرتا ہے جو دنیا کی کسی دولت سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ محبت اور خلوص وہ چراغ ہیں جو نہ صرف دوسروں کی زندگی روشن کرتے ہیں بلکہ انسان کے اپنے دل کو بھی نور سے بھر دیتے ہیں۔ یہی وہ خوشی ہے جو انسان کو اندر سے مطمئن اور زندگی کو با مقصد بنا دیتی ہے۔

غزہ کے بچوں کا نوالہ کس نے چھینا؟

عمران یعقوب خان

غزہ کی ہواؤں میں بارود کی بُو ابھی باقی ہے۔ کبھی زندگی کے رازدان رہنے والے لیکن اب کھنڈرات بن چکے مکانات کے درمیان حیات کی باقیات تلاش کرتے لوگ ابھی اپنے پیاروں کا قتلِ عام نہیں بھولے ہیں۔ ماں کے سینوں سے لگے بچے اب بھی خوف کے عالم میں چونک کر اٹھتے ہیں جیسے کہیں کوئی گولہ پھٹا ہو' جیسے کہیں کوئی میزائل گرا ہو۔ باپ اب بھی فکرمند ہیں کہ زندگی کی نئی شروعات کہاں سے کریں۔ نوجوان اس اندیشے میں گرفتار رہتے ہیں کہ پتا نہیں کہاں سے اسرائیلی فوج کا فائر کردہ کوئی راکٹ' گولہ' میزائل یا ڈرون آ جائے اور ان کی زندگی کا پتا کاٹ دے۔ غزہ میں زندگی ابھی سنبھلی نہیں ہے' ایسے میں اس خبر نے دل چیر کے رکھ دیا ہے کہ فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے غزہ کے پہلے سے بھوک سے بلکتے انسانوں کے لیے خوراک کی امداد کم کر دی گئی ہے۔ کیا اب ان بچوں کے حصے کی روٹی ختم ہو جائے گی؟
19 اکتوبر 2026ء کو اقوام متحدہ کے عالمی ادارۂ خوراک نے اعلان کیا کہ مالی وسائل کی کمی کے باعث غزہ میں پانچ لاکھ افراد خوراک کی امداد سے محروم ہو جائیں گے۔ امداد پانے والوں کی تعداد 16 لاکھ سے گھٹ کر 11 لاکھ رہ جائے گی' جبکہ راشن بھی نصف کر دیا گیا ہے۔ گرم یعنی تازہ کھانوں کی روزانہ فراہمی ڈھائی لاکھ سے کم کر کے ڈیڑھ لاکھ افراد تک محدود کر دی گئی ہے۔ یہ اعداد نہیں پانچ لاکھ انسانوں کی زندگیوں پر لٹکتی موت کی تلواریں ہیں۔
ذرا غزہ کی ایک ماں کا تصور کیجیے جس کے گھر کی چھت نہیں' باورچی خانے میں چولہا نہیں' الماری میں آٹا نہیں۔ اس کی گود میں بچہ ہے جو دودھ مانگتا ہے' مگر ماں کے پاس اسے دینے کے لیے کچھ نہیں۔ وہ بچے کو سینے سے لگاتی ہے' اس کے بالوں کو سہلاتی ہے اور پھر اس سے نظریں چراتے ہوئے جھوٹ بولتی ہے کہ بیٹا تھوڑی دیر صبر کرو' کھانا آ جائے گا۔ پہلے شاید اسے کہیں نہ کہیں سے کچھ امداد مل جانے کی توقع تھی لیکن اب وہ اپنے بچوں کو جھوٹا دلاسا دینے کے بھی قابل نہیں رہے گی۔ غزہ کے عوام کو امداد کے جس تھیلے کا انتظار رہتا تھا' اس کا راستہ فنڈز کی کمی نے روک لیا ہے۔
غزہ میں شدید اسرائیلی گولہ باری' میزائل باری اور ڈرون باری سے ہونے والی تباہی کا اندازہ ان اعداد و شمار سے لگایا جا سکتا ہے جو اقوام متحدہ' عالمی بینک اور یورپی یونین جیسے معتبر اداروں کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں۔ اکتوبر 2023ء سے اکتوبر 2025ء تک جاری رہنے والی اس یک طرفہ جنگ میں 71 ہزار سے زیادہ فلسطینی شہید اور ایک لاکھ 71 ہزار سے زیادہ زخمی ہوئے۔ اس عرصے میں تقریباً 19 لاکھ فلسطینی بے گھر ہوئے' جن میں بہت سے لوگ بار بار نقل مکانی پر مجبور ہیں۔ غزہ میں تین لاکھ 71 ہزار سے زیادہ رہائشی یونٹ تباہ یا متاثر ہوئے' نصف سے زیادہ ہسپتال غیر فعال ہیں اور تقریباً تمام سکول تباہ یا متاثر ہو چکے ہیں۔ بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والا نقصان 35.2 ارب ڈالر اور معاشی و سماجی نقصانات 22.7 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہیں۔ تعمیر نو کیلئے اگلی ایک دہائی میں 71.4 ارب ڈالر درکار ہوں گے۔ غزہ کی معیشت 84 فیصد سکڑ چکی ہے۔ آبادی کا 80 فیصد سے زیادہ حصہ بیروزگاری کا سامنا کر رہا ہے جبکہ عالمی ادارۂ خوراک کے مطابق 14 لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کے بحران یا اس سے بھی بدتر صورتحال میں ہیں۔ ان میں دو لاکھ افراد ایسے ہنگامی حالات میں زندگی گزار رہے ہیں جہاں فوری خوراک کی امداد بھوک سے ہونے والی اموات روکنے کیلئے ضروری ہے۔ ذرا سوچیے' ایسے میں خوراک کی رسد میں کمی کیا نتائج لائے گی۔ 14 لاکھ افراد' یعنی غزہ کی آبادی کا 67 فیصد حصہ شدید غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے۔ تقریباً دو لاکھ افراد ہنگامی حالات سے دوچار ہیں' جہاں بھوک سے ہونے والی اموات کو روکنے کیلئے فوری غذائی امداد کی ضرورت ہے۔ ہر پانچ میں سے صرف ایک بچہ ہی متنوع اور متوازن غذا حاصل کر پاتا ہے۔ صحت' پانی' نکاسی آب اور حفظانِ صحت کی سہولتوں تک رسائی بھی محدود ہے۔ غزہ میں 80 فیصد سے زیادہ لوگ بیروزگار ہیں' جس کی وجہ سے بہت سے خاندان تازہ پیداوار یا پروٹین سے بھرپور غذائیں خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے' چاہے وہ دستیاب ہی کیوں نہ ہوں۔
غزہ کے لیے خوراک کی کمی کا مطلب محض مہنگائی اور بھوک میں اضافہ نہیں بلکہ اس کا مطلب ہے کہ ماں اپنے حصے کی روٹی بچے کو دے گی' باپ بھوک چھپانے کے لیے پانی پی کر سو جائے گا' کمزور بچے غذائی قلت کا شکار ہوں گے' حاملہ خواتین کی صحت مزید خطرے میں پڑے گی اور بیمار افراد کی بحالی مشکل ہو جائے گی۔ سردیوں کی آمد کا سوچیں تو مزید سنگین خدشات سر اٹھانے لگتے ہیں۔ خوراک کی کمی کے ساتھ صاف پانی' نکاسی آب' ادویات اور مناسب رہائش کی قلت جیسے مسائل بھی بڑھ جائیں گے۔ خوراک کے لیے فنڈز نہیں ہیں' صاف پانی' رہائش اور بیماریوں کا علاج تو اس کے بعد کے معاملات ہیں۔
یہ کسی ایک خاندان کا المیہ نہیں ایک پوری نسل کے مستقبل کا سوال ہے۔ عالمی برادری کو اب بیانات سے آگے بڑھنا ہوگا۔ ضروری ہے کہ امدادی اداروں کے لیے فوری اور قابلِ اعتماد مالی وسائل فراہم کیے جائیں۔ غزہ کے بچے کسی کے سیاسی اختلافات کے ذمہ دار نہیں۔ انہیں جنگ' بے گھری اور بھوک کی سزا نہیں ملنی چاہیے۔ اگر دنیا آج وسائل کی کمی کا عذر بنا کر خاموش رہی تو تاریخ پوچھے گی کہ جب انسان بھوک سے لڑ رہا تھا' تب انسانیت کہاں تھی؟ غزہ کے بچوں کو روٹی دیجیے' ان کی ماؤں کو امید دیجیے' ان کے باپوں کو جینے کا حوصلہ دیجیے کیونکہ بھوک سے بلکتے بچے کی فریاد کسی ایک قوم کی نہیں' پوری انسانیت کی آزمائش ہے۔
ورلڈ فوڈ پروگرام کو 2026ء میں اپنے فلسطین آپریشنز کے لیے گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نصف سے بھی کم فنڈنگ ملی ہے۔ ادارے کو غزہ اور مغربی کنارے میں اگلے چھ ماہ (اکتوبر 2026ء سے مارچ 2027ء تک) اپنے اہم آپریشنز جاری رکھنے کے لیے فوری طور پر 450 ملین امریکی ڈالر کی ضرورت ہے۔ کیا عالمی برادری اپنے بھاری اخراجات میں سے ساڑھے چار سو ملین ڈالر نکال سکے گی یا فلسطینی عوام کو بلکتا اور مرتا دیکھتی رہے گی؟
اس کے ساتھ ساتھ ضروری ہو چکا کہ ورلڈ فوڈ پروگرام کے سالانہ فنڈز میں اضافے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ جب ضرورت پڑے تو کچھ فنڈز سرپلس پڑے ہوں اور عالمی ادارے کو اس مقصد کے لیے بڑے ممالک کے سامنے بار بار دستِ طلب دراز نہ کرنا پڑے۔ اس سے بھی زیادہ ضروری یہ ہے کہ غزہ کی بحالی اور وہاں کے عوام کو اپنے قدموں پر کھڑا کرنے کے لیے دنیا کے بڑے ممالک نے جو منصوبہ بندی کی تھی اس پر عملدرآمد تیز کیا جائے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ستمبر 2025ء میں بین الاقوامی تعلقات اور سفارتی کوششوں کے تحت غزہ میں جنگ بندی اور مستقل امن کے لیے 20 نکاتی غزہ امن منصوبہ پیش کیا تھا۔ اس منصوبے میں فوری جنگ بندی' یرغمالیوں کی رہائی' علاقے کی تعمیرِ نو شامل ہے۔ بین الاقوامی اور علاقائی نگرانی میں عبوری نظامِ حکومت اور غزہ کی تباہ شدہ عمارتوں کی بحالی بھی پلان کے نکات میں شامل تھی۔

SHOWBIZ شوبز

بالی ووڈ میں کہانیوں کا بحران، ایک اور پاکستان مخالف فلم بنا ڈالی

فلم ''اڑتا تیر'' اپنی ریلیز سے قبل ہی پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ سارہ علی خان اور آیوشمان کھرانہ کی نئی فلم اڑتا تیر اپنی ریلیز سے قبل ہی پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم 23 اکتوبر کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی، جسے کرن جوہر سمیت دیگر پروڈیوسرز نے پروڈیوس کیا ہے۔ پاکستانی صارفین نے فلم کے مبینہ پاکستان مخالف موضوع پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے بالی ووڈ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف نے طنزیہ انداز میں لکھا کہ بالی ووڈ ہماری کہانیاں استعمال کر کے پیسے کماتا ہے، اس لیے ہمیں بھی رائلٹی ملنی چاہیے۔ دوسرے نے سوال اٹھایا کہ بھارتی فلم سازوں کو پاکستان سے اتنی دلچسپی کیوں ہے؟ ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ بالی ووڈ جب ناظرین کو سینما گھروں تک لانے میں ناکام ہوتا ہے تو پاکستان مخالف فلموں کا سہارا لیتا ہے۔ بعض صارفین نے طنز کیا کہ اگر پاکستان نہ ہوتا تو بالی ووڈ کیا کرتا؟

پاکستانی فن کار اور تخلیق کار نیٹ فلکس سے بہتر کام کر رہے ہیں

ہمارے ہاں پیش کیے جانے والے فن اور معیار کو اپنی بنیاد پر پرکھنا چاہیے، عروہ حسین

کراچی (این این آئی) اداکارہ عروہ حسین نے پاکستانی ڈراموں کے معیار اور مقامی کہانیوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی مواد کو اپنی اہمیت منوانے کے لیے نیٹ فلکس جیسے پلیٹ فارم سے موازنہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران عروہ حسین نے اس رجحان پر تنقید کی جس میں معیاری پاکستانی ڈراموں کو نیٹ فلکس کے معیار کا قرار دیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ کہنا مجھے غیر مناسب لگتا ہے، کیونکہ پاکستانی فن کار اور تخلیق کار اس سے بھی بہتر کام کر رہے ہیں۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ صرف کسی منصوبے کے کسی ایپ یا آن لائن پلیٹ فارم پر نشر ہونے سے اس کا معیار بہتر نہیں ہو جاتا، ہمارے ہاں پیش کیے جانے والے فن اور معیار کو اپنی بنیاد پر پرکھنا چاہیے، نہ کہ دوسروں سے موازنہ کر کے۔ عروہ حسین نے زور دیا ہے کہ پاکستانی ڈراموں کی اصل طاقت ان کی کہانیاں، کام کو ترجیح دینے کا انداز اور ان میں موجود حقیقی جذبات ہیں، تخلیقات میں جذبات کی سچائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

کب تک صرف قسمت کے سہارے رہ سکتی ہوں؟، تاپسی پنو

برسوں محنت کی جہاں پروڈیوسرز میرے نام پر فلموں میں سرمایہ کاری کیلئے تیار ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے کہا ہے کہ اس مقام تک پہنچنے کیلئے میں نے برسوں مسلسل محنت کی، جہاں پروڈیوسرز میرے نام پر فلموں میں سرمایہ کاری کیلئے تیار ہیں۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں اداکارہ نے کہا ہے کہ میں کب تک صرف قسمت کے سہارے رہ سکتی ہوں؟ یہ فیصلہ صرف قسمت نہیں کر سکتی کہ مجھے کون سی فلم ملے گی اور نہ ہی میں اس بات کی محتاج رہنا چاہتی ہوں کہ فلم کے ہیرو مجھے اپنے ساتھ کام کرنے کی اجازت دینے پر آمادہ ہوں۔ تاپسی پنو نے کہا کہ فلم پنک کے بعد سے میری کوشش رہی ہے کہ میں ایسی پوزیشن حاصل کروں جہاں پروڈیوسرز کو یقین ہو کہ اگر میں کسی فلم میں شامل ہوں تو اس منصوبے میں سرمایہ کاری کرنا فائدہ مند ہوگا۔

گلوکار سجاد علی کے بھائی وقار علی کینسر میں مبتلا ہو گئے

کراچی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی معروف گلوکار سجاد علی کے بھائی گلوکار اور موسیقار وقار علی کینسر کے مرض میں مبتلا ہو گئے۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر وقار علی نے پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اپنی صحت سے متعلق اس افسوسناک خبر سے مداحوں کو آگاہ کر دیا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ حال ہی میں مجھے پھیپھڑوں کے کینسر کی تشخیص ہوئی ہے، جو چوتھے مرحلے میں ہے، یہ میرے اور میرے خاندان کے لیے مشکل دور ہے، تاہم میں ایمان، حوصلے اور امید کے ساتھ ہر دن گزارنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

دلیر مہندی کی سرِعام تضحیک پر بھارتی فنکاروں نے مودی کو خط لکھ دیا

دلیر مہندی صحت مسائل سے دوچار رہے، سرجری کے بعد صحت یاب ہو رہے

نئی دہلی (این این آئی) معروف بھارتی گلوکار دلیر مہندی کی سرِعام تضحیک پر فلم انڈسٹری سے وابستہ کارکنوں کی تنظیم نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی کو خط لکھ دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق تنظیم نے گلوکار کو اسٹیج پر سرِعام روکنے اور ان کی کارکردگی پر سوال اٹھانے کے انداز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فنکار برادری کے ساتھ احترام اور حساسیت سے پیش آنے کی اپیل کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ واقعہ بھارتی ریاست اتراکھنڈ کے علاقے نیو ٹہری میں ایک تقریب کے دوران پیش آیا جہاں ریاستی وزیر سبودھ اونیال نے دلیر مہندی کی پرفارمنس کے دوران اسٹیج پر آ کر انہیں روک دیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں ریاستی وزیر گلوکار کی حالت اور گانے کے انداز پر سوال اٹھاتے نظر آئے۔ سبودھ اونیال نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ گلوکار نشے میں تھے اور اسٹیج پر درست انداز میں پرفارم نہیں کر پا رہے تھے۔ انہوں نے یہ سوال بھی اٹھایا کہ گلوکار براہِ راست گا رہے تھے یا پہلے سے ریکارڈ شدہ آواز پر لب ہلا رہے تھے۔ فیڈریشن آف ویسٹرن انڈیا سینی ایمپلائز نے خط میں کہا کہ اگر کسی فنکار کی صحت یا پرفارمنس سے متعلق کوئی تشویش ہو تو اسے سرِعام ڈانٹنے کے بجائے احترام اور پیشہ ورانہ انداز میں مسئلے کو حل کیا جانا چاہیے۔

فلم کی تشہیر کے دوران زبان پھسل گئی، رنبیر کپور نے معذرت کر لی

20 اکتوبر کو کولکتہ میں دسہرہ کی تقریب میں فلم کی ٹیم کے ہمراہ شرکت کی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور کو اپنی آنے والی فلم رامائن کی تشہیر کے دوران دسہرہ کے پیغام میں غلطی کرنے پر سوشل میڈیا پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد اداکار نے معذرت کر لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رنبیر کپور نے 20 اکتوبر کو کولکتہ میں دسہرہ کی تقریب میں فلم کی ٹیم کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے برائی پر اچھائی کی فتح کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چاہے برائی کتنی ہی طاقتور کیوں نہ ہو، آخر میں اچھائی اور ایمانداری ہی ختم ہو جاتی ہے۔ رنبیر کپور دراصل یہ کہنا چاہتے تھے کہ آخرکار اچھائی کی برائی پر فتح ہوتی ہے، تاہم زبان پھسلنے کے باعث ان کے الفاظ کا مفہوم بالکل الٹ ہو گیا۔

نکاح نامہ پڑھے بغیر شادی نہ کریں، وینزہ احمد کا خواتین کو اہم مشورہ

درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف سابق سپر ماڈل اور اداکارہ وینزہ احمد نے خواتین کو شادی سے قبل نکاح نامہ غور سے پڑھنے اور اپنے حقوق سے آگاہ ہونے کا مشورہ دے دیا۔ وینزہ احمد نے حال ہی میں واسع چوہدری کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انہوں نے خود بھی اپنا نکاح نامہ اس وقت تک نہیں پڑھا تھا جب تک ان کی طلاق کا معاملہ سامنے نہیں آیا۔ اداکارہ نے کہا کہ خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے۔ انہوں نے والدین پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی بیٹیوں کو نکاح نامے کی تمام شقیں پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب دیں۔ وینزہ احمد نے دعویٰ کیا کہ بعض اوقات نکاح نامے سے خواتین کے حقوق سے متعلق شقیں نکال دی جاتی ہیں۔

SPORTS سپورٹس

پولو میچ میں کھلاڑی و گھوڑے بڑے حادثے سے بچ گئے

میچ کے دوران گھوڑوں سے چیل کے ٹکرانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی

لاہور (این این آئی) لاہور میں ہونے والے پولو اِن پنک ٹورنامنٹ کے میچ کے دوران کھلاڑی اور گھوڑے بڑے حادثے سے بچ گئے۔ لاہور کے ایک پولو گراؤنڈ میں ہونے والے میچ کے دوران اچانک ایک چیل گھوڑوں سے ٹکرا گئی تاہم خوش قسمتی سے نہ گھوڑے لڑکھڑائے نہ کھلاڑی گرے۔ اس پرخطر صورتِ حال میں دونوں کھلاڑیوں فاروق امین صوفی اور امین رحمٰن نے اپنا توازن برقرار رکھا۔ میچ کے دوران گھوڑوں سے چیل کے ٹکرانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ پولو اِن پنک ٹورنامنٹ ایک پولو گراؤنڈ میں جاری ہے

بھارت نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد نیوزی لینڈ کو شکست دیدی

نمن دھیر نے محض 15 گیندوں پر ناقابلِ شکست 42 رنز بنا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) بھارت نے پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں نیوزی لینڈ کو چار وکٹوں سے شکست دے کر پانچ میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کر لی۔ کرائسٹ چرچ میں کھیلے گئے مقابلے میں بھارتی ٹیم نے 226 رنز کا مشکل ہدف آخری اوور کی چوتھی گیند پر حاصل کیا۔ بھارت کی کامیابی میں سنجو سیمسن اور نمن دھیر نے اہم کردار ادا کیا۔ سیمسن نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 33 گیندوں پر 67 رنز بنائے جس میں آٹھ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ انہوں نے ابھیشیک شرما کے ساتھ پہلی وکٹ کے لیے 93 رنز کی شراکت قائم کی۔ ابھیشیک نے 12 گیندوں پر 29 رنز اسکور کیے۔ مڈل اوورز میں بھارتی ٹیم کی وکٹیں تیزی سے گریں تاہم کپتان شریاس ایئر نے 42 اور اکشر پٹیل نے 24 رنز بنا کر ٹیم کو مقابلے میں برقرار رکھا۔ آخری لمحات میں نمن دھیر نے محض 15 گیندوں پر ناقابلِ شکست 42 رنز بنا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ نے گلین فلپس کے ناقابلِ شکست 82 اور فن ایلن کے 45 رنز کی بدولت چار وکٹوں کے نقصان پر 225 رنز بنائے

برطانوی باڈی بلڈر مقابلے کے دوران اچانک اسٹیج پر گر کر ہلاک

لندن (این این آئی) برطانیہ سے تعلق رکھنے والے 33 سالہ باڈی بلڈر متیوش خومورا مقابلے کے دوران اچانک اسٹیج پر گر پڑے اور ہسپتال منتقل کیے جانے کے باوجود جانبر نہ ہو سکے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق متیوش خومورا انگلینڈ کے شہر ٹیلفورڈ میں فزیکل کلچر ایسوسی ایشن (پی سی اے) کے برٹش فائنلز میں شامل تھے، وہ کلاسک باڈی بلڈنگ میڈیم کیٹیگری کے مقابلے میں شامل تھے کہ اچانک اسٹیج پر گر گئے جس کے بعد وہاں موجود تماشائیوں میں تشویش پھیل گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ واقعے کے فوراً بعد طبی عملے نے انہیں موقع پر طبی امداد فراہم کی اور پھر انہیں ہیلی کاپٹر کے ذریعے قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن ڈاکٹر ان کی جان بچانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ منتظمین کے مطابق متیوش خومورا کو طبی امداد فراہم کرنے کے دوران مقابلہ روک دیا گیا تھا، انہیں اسپتال منتقل کیے۔

جھوٹ پھیلانا بند کریں، عثمان خواجہ کی وائرل پوسٹ پر وضاحت

آسٹریلوی کھلاڑی کی پرانی ٹوئٹ کو فرانس میں ہونے والے احتجاج کی تصویر کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق کرکٹر عثمان خواجہ نے سوشل میڈیا پر اپنے نام سے منسوب زیرِ گردش پوسٹ پر وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جھوٹ پھیلانا بند کریں۔ سوشل میڈیا پر آسٹریلوی کھلاڑی کی پرانی ٹوئٹ کو فرانس میں ہونے والے احتجاج کی تصویر کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ متنازع پوسٹ میں فرانس میں ایک احتجاج کے دوران فلسطینی پرچم اٹھائے ایک شخص کی تصویر دکھائی گئی تھی۔ تصویر کے ساتھ صارف نے عثمان خواجہ کی ایک پرانی ٹوئٹ بھی شیئر کی، جس میں لکھا تھا کہ اس کا بے صبری سے انتظار ہے، فلسطینی پرچم ہر جگہ لہرا رہے ہوں گے۔ زیرِ گردش پوسٹ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کھلاڑی نے کہا کہ جھوٹ پھیلانا بند کریں۔ عثمان خواجہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جواب دیتے ہوئے واضح کیا کہ انہوں نے یہ پیغام کب اور کس مقصد کے لیے لکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یہ ٹوئٹ 2 سال قبل ایک فٹ بال میچ کے حوالے سے کی تھی، جھوٹ پھیلانا بند کریں۔

ٹیسٹ میچز میں تماشائیوں کی کم ہوتی تعداد کیسے بڑھائی جائے؟

ٹیسٹ کرکٹ کے لیے مفت داخلے کی سہولت فراہم کرنی چاہیے، کیون پیٹرسن کی اہم تجویز

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے سابق کپتان کیون پیٹرسن نے ٹیسٹ کرکٹ کے دوران اسٹیڈیمز میں تماشائیوں کی کم ہوتی تعداد دیکھ کر اہم تجویز پیش کر دی۔ اس حوالے سے کیون پیٹرسن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ کرکٹ بورڈز کو ٹی 20 فرنچائز ٹورنامنٹس سے آمدنی حاصل کرنی چاہیے، ایسے مقامات پر ٹیسٹ کرکٹ کے لیے مفت داخلے کی سہولت فراہم کرنی چاہیے جہاں شائقین کی تعداد کم ہے۔ کیون پیٹرسن نے لکھا کہ ڈربن اور پورٹ الزبتھ میں ٹکٹوں کی فروخت سے اتنی آمدنی حاصل نہیں ہوئی کہ اسے میدانوں میں تماشائیوں کی غیر موجودگی کا جواز قرار دیا جا سکے۔ واضح رہے کہ انگلینڈ کے سابق کپتان کا یہ بیان جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کے درمیان جاری ٹیسٹ سیریز کے دوران اسٹیڈیم میں شائقین کی کم تعداد پر سابق آسٹریلوی اوپنر ڈیوڈ وارنر کی تنقید کے بعد سامنے آیا ہے۔ ڈیوڈ وارنر نے سوشل میڈیا پر اپنی پوسٹ میں خالی اسٹیڈیمز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے یہ سوال اٹھایا تھا کہ اگر شائقین میدانوں کا رخ نہیں کر رہے تو ٹیسٹ کرکٹ کو کھیل کا اعلیٰ ترین فارمیٹ قرار دینے کا کیا جواز ہے؟ جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا کے درمیان ٹیسٹ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میں ڈربن کے کنگزمیڈ اسٹیڈیم میں 5 روز کے دوران 20 ہزار سے بھی کم شائقین پہنچے۔

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

نہ صحافیوں کو سوالات کا موقع دیا گیا، نہ کوئی بریفنگ یا فیڈ بیک فراہم کیا گیا اور نہ ہی شکایات پر ہونے والی کارروائی سے آگاہ کیا گیا۔ایسے میں سوال یہ ہے کہ میڈیا کا کردار کیا رہ جاتا ہے، کیا صحافی محض خاموش تماشائی بن کر بیٹھیں اور عوام تک صرف سرکاری پریس ریلیز پہنچائیں؟ وزیراعلیٰ پنجاب کے اوپن ڈور ویژن کے تناظر میں اس طرزِ عمل نے شفافیت اور آزاد صحافتی کوریج کے حوالے سے سوالات اٹھادیے ہیں۔آئی جی پنجاب اور وزیراعلیٰ پنجاب سے وضاحت طلب ہے کہ کیا کھلی کچہریوں میں میڈیا کو مائیک، کیمرے اور تصاویر کے استعمال سے روکنے کے کوئی باقاعدہ تحکمانہ قواعد یا حکومتی احکامات موجود ہیں؟ اگر ایسے ضوابط ہیں تو ان کی نوعیت اور وجوہات عوام اور صحافیوں کے سامنے لائی جائیں، اور اگر کوئی پابندی عائد نہیں تو گوجر خان میں صحافیوں کو کوریج سے کیوں روکا گیا؟ میڈیا کی آزادی اور عوامی مسائل کی آزادانہ رپورٹنگ کے پیش نظر یہ بھی واضح کیا جائے کہ صحافیوں کو کارروائی ریکارڈ کرنے، متعلقہ افسران سے سوالات کرنے اور شکایات پر ہونے والی پیش رفت جاننے کا حق کس حد تک حاصل ہے۔ کھلی کچہری میں عوام کی آواز سننا ہی کافی نہیں، اس آواز کو عوام تک پہنچانے کے لیے میڈیا کو مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع دینا بھی ضروری ہے۔

بقیہ 2

حکومت خطیر رقم خرچ کررہی ہے۔مری میں متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے مری اور کوٹلی ستیاں میں سیاحت کو فروغ ملے گا اور علاقے کی سیاحتی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی تاریں زیرِ زمین منتقل ہونے سے بازار کا منظر بہتر ہوا ہے اور شہریوں، تاجروں اور سیاحوں کو ایک صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول میسر آئے گا۔علاقہ مکینوں اور تاجروں نے اس اقدام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ اس طرح کے ترقیاتی اقدامات سے علاقے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور سیاحت کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ 3

غیر قانونی سپلائی، ذخیرہ اندوزی اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور آٹے کی مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔انہوں نے ہدایت کی کہ راولپنڈی میں آٹے کی فراہمی کے تمام پوائنٹس اور دکانداروں کو فراہم کیے جانے والے آٹے کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے اور اس کی ڈیٹا انٹری روزانہ کی بنیاد پر یقینی بنائی جائے، تاکہ سپلائی کے نظام کی مؤثر نگرانی اور شفافیت برقرار رکھی جاسکے۔عبدالرحمٰن خان نے ٹیکسلا اور راولپنڈی کینٹ کی چیک پوسٹوں پر نگرانی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ چیک پوسٹوں اور چیکنگ پوائنٹس پر تعینات عملہ پیشہ ورانہ مستعدی، ذمہ داری اور الرٹ رہتے ہوئے اپنے فرائض سرانجام دے۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ گندم اور آٹے کی نقل و حمل کی مؤثر مانیٹرنگ کی جائے اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ آٹے کی بلاتعطل فراہمی، مقررہ نرخوں پر فروخت اور حکومتی ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید فعال بنایا جائے، تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 4

شہریوں پر زور دیا گیا کہ وہ اپنے گھروں، گلیوں، محلوں اور عبادت گاہوں کی صفائی کا خصوصی خیال رکھیں اور صفائی کے عملے کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے کوڑا کرکٹ سڑکوں اور عوامی مقامات پر پھینکنے سے گریز کریں۔ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی کے اینٹی لٹرنگ سکواڈ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں کارروائیاں جاری ہیں۔اس دوران کوڑا کرکٹ پھیلانے والوں کی نگرانی، شہریوں اور دکانداروں کو وارننگز اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ شہر کو صاف رکھنے کے ساتھ ساتھ انسدادِ سموگ مہم کو بھی مؤثر بنایا جاسکے۔ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے متعلقہ افسران اور صفائی عملے کو ہدایت کی ہے کہ صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے، عوامی مقامات کو صاف رکھنے اور شہریوں میں ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی مہم میں بھرپور تعاون کریں کیونکہ صاف ستھرا راولپنڈی اجتماعی ذمہ داری اور مشترکہ کوششوں سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 5

زبیر گجر اور چوہدری جلیل احمد قادری نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ چوہدری محسن صدیق گجر مستقبل میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک وقوم کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کریں گے۔ان کی کامیابی نوجوانوں کے لیے محنت، عزم اور مستقل مزاجی کی ایک حوصلہ افزا مثال ہے۔

بقیہ 6

خلاف آواز بلند کی مظاہرے کے شرکاء جماعت اسلامی کے بینرز اور جھنڈے اٹھائے ہوئے تھے جنہوں نے مہنگائی میں کمی پیٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکسوں کے خاتمے اور بجلی کے مسائل کے حل کے حق میں شدید نعرے بازی کی۔مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ عوام کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، کیونکہ پیٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات براہ راست عام شہریوں کی زندگیوں پر مرتب ہوتے ہیں اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع کشمور کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی، عبیداللہ گولو، رفیع الدین چنا اور غلام شبیر میرانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے باعث شدید معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، جبکہ پیٹرولیم مصنوعات پر بھاری لیوی ٹیکس اور دیگر اخراجات عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر رہے ہیں رہنماؤں نے کہا کہ پیٹرول پر 120روپے سے زائد لیوی ٹیکس وصول کیے جانے کے معاملے پر عوام میں تشویش پائی جاتی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیٹرول پر عائد اس لیوی ٹیکس کو ختم کیا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مناسب کمی کرکے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے موجودہ حالات میں عام آدمی کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے، اس لیے حکومت کو عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے عملی اقدامات کرنے چاہئیں جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے مزید مطالبہ کیا کہ پیٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کی جائے تاکہ مزدوروں محنت کشوں کم آمدنی والے طبقے اور عام شہریوں کو معاشی دباؤ سے کچھ ریلیف مل سکے۔انہوں نے کہا کہ بنیادی ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں میں اضافے سے ہر طبقہ متاثر ہورہا ہے، اس لیے عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دی جانی چاہیے احتجاج کے دوران کندھ کوٹ میں بجلی کی فراہمی اور سیپکو انتظامیہ کی کارکردگی سے متعلق مسائل بھی اٹھائے گئے۔جماعت اسلامی ضلع کشمور کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی نے سیپکو انتظامیہ کندھ کوٹ سے مطالبہ کیا کہ ڈیٹیکشن بلوں کے مسئلے کو حل کیا جائے اور صارفین کو درپیش شکایات کا ازالہ کیا جائے۔انہوں نے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ بجلی کی طویل بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے بجلی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں رہنماؤں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ عوامی مسائل کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے مہنگائی میں کمی، پیٹرول پر 120روپے سے زائد لیوی ٹیکس کے خاتمے، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی ڈیٹیکشن بلوں کے معاملات کے حل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ عوام کو درپیش معاشی اور بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، تاکہ شہریوں کو مہنگائی اور بجلی کی مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 7

قرآن کریم اور تفسیرِ قرآن مکمل کرنے والی 22 طالبات کی چادر پوشی ہوگا، جو دینی تعلیم کے فروغ اور طالبات کی حوصلہ افزائی کے حوالے سے اہم سنگِ میل ہے۔ محفل میں ذکرِ رسول مقبول ﷺ، قرآنِ کریم کی فضیلت اور دینی تعلیمات کو اجاگر کیا جائے گا۔تقریب کے انتظامات زیب النساء اور ان کا اسٹاف انجام دے رہے ہیں

بقیہ 8

ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہے۔نئے دیہی صفائی پیکج کے تحت تقریباً 65یونین کونسلز میں صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولیات فراہم کیے جانے کا منصوبہ ہے، جن میں زیادہ تر یونین کونسلز زون فور اور زون فائیو میں واقع ہیں۔بھارہ کہو سمیت ان زونز کے دیگر دیہی اور مضافاتی علاقوں کو بھی اس نظام میں شامل کیا گیا ہے تاکہ مقامی رہائشیوں کو صفائی کی بہتر سہولیات میسر آسکیں۔سی ڈی اے نے ان خدمات کی فراہمی کے لیے ایک ترک کمپنی کو ذمہ داری سونپی ہے، جو جدید ترین مشینری، جدید گاڑیوں اور تربیت یافتہ عملے سے لیس ہے۔اس منصوبے کے تحت روزانہ تقریباً 342ٹن کوڑا کرکٹ جمع کرنے اور اسے مناسب طریقے سے منتقل کرکے ٹھکانے لگانے کا انتظام کیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے تقریباً 1,300 سے 1,610اہلکار تعینات کیے جائیں گے، جبکہ تقریباً 103 سے 104 گاڑیاں اور مشینری کے یونٹس استعمال کیے جائیں گے۔جدید مشینری، تربیت یافتہ عملے اور منظم نظام کے ذریعے ان علاقوں میں کوڑا کرکٹ جمع کرنے، منتقل کرنے اور مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے عمل کو بہتر بنایا جائے گا۔اس اقدام کا مقصد صفائی کی سہولیات میں موجود دیرینہ خلا کو پُر کرنا، ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانا اور دیہی و مضافاتی آبادیوں کو بہتر شہری سہولیات فراہم کرنا ہے۔*بھارہ کہو سمیت زون فور اور زون فائیو کے مختلف علاقوں میں سی ڈی اے کی صفائی مہم کو شہریوں کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔*شہریوں نے بالخصوص ان دور دراز علاقوں میں صفائی کی سہولیات کی فراہمی کو ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے، جہاں ماضی میں صفائی کی خدمات محدود تھیں۔ان علاقوں تک باقاعدہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولیات کی توسیع دیہی آبادیوں کو بہتر شہری خدمات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں سی ڈی اے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے کہ صفائی کی سہولیات صرف اسلام آباد کے مرکزی سیکٹرز تک محدود نہ رہیں بلکہ دیہی اور مضافاتی علاقوں کے رہائشیوں کو بھی بہتر شہری خدمات فراہم کی جائیں۔یہ اقدام وفاقی دارالحکومت کے تمام علاقوں میں یکساں سہولیات کی فراہمی اور شہریوں کی ضروریات پوری کرنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے اس جامع نظام سے صفائی کے معیار میں بہتری، صحت عامہ کے تحفظ، ماحولیاتی آلودگی میں کمی اور اسلام آباد کی مجموعی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 9

مزید مضبوط کرنا ہے۔اس دن کی مناسبت سے ویکسینیشن، مؤثر نگرانی، عوامی تعاون اور فرنٹ لائن پولیو ورکرز کی خدمات کو اجاگر کیا جاتا ہے۔عالمی یومِ پولیو ہر سال 24اکتوبر کو منایا جاتا ہے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے دنیا بھر میں ہونے والی پیش رفت کو نمایاں کیا جاسکے اور باقی ماندہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے۔ یہ دن ان فرنٹ لائن ورکرز کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا بھی موقع ہے جو ہر مہم کے دوران گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلاتے اور انہیں اس بیماری سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔پاکستان دنیا کے ان آخری دو ممالک میں شامل ہے جہاں وائلڈ پولیو وائرس کی منتقلی تاحال جاری ہے۔افغانستان بھی اس فہرست میں شامل ہے۔عالمی سطح پر ویکسینیشن کے ذریعے پولیو کے خاتمے کی جانب نمایاں پیش رفت کے باوجود خطے میں وائرس کی موجودگی بچوں کے لیے خطرہ بنی ہوئی ہے، جس کے باعث مسلسل ویکسینیشن، مؤثر نگرانی اور سرحد پار رابطہ کاری ناگزیر ہیں۔پنجاب نے پولیو سے بچاؤ کی مہمات، نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانے اور کمیونٹی کی شمولیت کے ذریعے بچوں کو محفوظ بنانے کے لیے نمایاں پیش رفت کی ہے۔تاہم، ملک کے دیگر حصوں سے وائرس کی دوبارہ آمد کے خطرے کے پیش نظر صوبے میں مسلسل چوکسی اور ویکسینیشن مہمات کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔خصوصاً نقل مکانی کرنے والے خاندانوں اور ان بچوں تک پہنچنا اہم ہے جو کسی وجہ سے ویکسینیشن سے محروم رہ جاتے ہیں۔پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (ای او سی) محکمہ صحت اور شراکت دار اداروں کے تعاون سے ویکسینیشن مہمات کو مؤثر بنانے، رہ جانے والے بچوں کی نشاندہی اور ان تک دوبارہ رسائی یقینی بنانے اور عوامی آگاہی کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہا ہے۔بچوں کی ڈیجیٹل ٹریکنگ سے ویکسینیشن سے محروم رہ جانے والے بچوں کی بروقت شناخت اور فالو اَپ میں مدد ملتی ہے۔اس کے ساتھ معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مضبوط بنانا بھی ضروری ہے تاکہ ہر بچے کو مقررہ عمر میں تمام تجویز کردہ ویکسینز مل سکیں۔فرنٹ لائن پولیو ورکرز ان کوششوں کا بنیادی ستون ہیں۔ان کی لگن، ثابت قدمی اور خاندانوں سے مسلسل رابطہ والدین کا اعتماد حاصل کرنے، غلط فہمیوں کو دور کرنے اور ہر بچے تک ویکسین پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔عالمی یومِ پولیو کے موقع پر والدین اور نگہداشت کرنے والوں پر زور دیا جاتا ہے کہ وہ ہر مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر اپنے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں، خواہ انہیں پہلے کتنی ہی بار قطرے کیوں نہ پلائے جاچکے ہوں۔معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس بھی بروقت مکمل کروائیں۔پولیو کا مکمل خاتمہ مسلسل عزم، مشترکہ کوششوں اور عوامی تعاون سے ہی ممکن ہے۔ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا اور پاکستان کو پولیو سے پاک ملک بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 10

عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے اور کام کے آغاز کے صرف دو ہفتوں سے زائد عرصے میں منصوبے کا 51فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں ادارے کی مربوط کوششوں کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد وفاقی دارالحکومت میں اہم ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانا ہے۔*دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے کے تعمیراتی مقام کا تفصیلی معائنہ کیا اور جاری سول واسٹرکچرل کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے منصوبے کی انتظامی اور انجینئرنگ ٹیموں کو ہدایت کی کہ مؤثر رابطہ کاری، دستیاب وسائل کے بہترین استعمال اور تعمیراتی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے کام کی رفتار برقرار رکھی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے، تاہم معیار، پائیداری اور مقررہ انجینئرنگ اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگِ بنیاد وزیراعظم محمد شہباز شریف نے رکھا تھا، جس کے بعد تعمیراتی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔بارش کے باعث دو دن کام متاثر ہونے کے باوجود منصوبے پر کام کی رفتار برقرار رکھی گئی اور صرف دو ہفتوں میں نصف سے زائد کام مکمل کر لیا گیا، جو تعمیراتی سرگرمیوں کی مؤثر رفتار اور منصوبہ بندی کا مظہر ہے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس ایک اہم عوامی منصوبہ ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی دیرینہ مشکلات پر قابو پانا اور شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ تعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور اس دوران معیار کی جانچ، تعمیراتی مقامات پر حفاظتی اقدامات اور سڑک استعمال کرنے والوں کی سہولت کو خصوصی اہمیت دی جائے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس کی تکمیل سے اسلام آباد کے مصروف ترین چوراہوں میں سے ایک پر ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی، رش میں کمی آئے گی اور اسلام آباد و راولپنڈی کے درمیان سفر کرنے والے شہریوں کا قیمتی وقت بچے گا۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں شہریوں کو آمدورفت میں سہولت اور بہتر حفاظتی ماحول میسر آئے گا، جبکہ جڑواں شہروں کے درمیان رابطہ کاری اور ٹریفک کی روانی میں بھی بہتری آئے گی۔

بقیہ 11

اجلاس میں راجہ بازار بیوٹی فیکیشن منصوبے کی پیش رفت، پانی کی نکاسی کے مسائل، منصوبے کی لاگت اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے ہدایت کی کہ راجہ بازار منصوبے میں پانی کی نکاسی سمیت دیگر مسائل کا جائزہ لیا جائے اور منصوبے میں استعمال ہونے والے ریٹس کا دیگر ترقیاتی سکیموں کے ساتھ تقابلی جائزہ لے کر رپورٹ پیش کی جائے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ راجہ بازار میں بارش کے پانی کے جمع ہونے کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے ایک جامع اور قابل عمل منصوبہ 15روز کے اندر تیار کیا جائے تاکہ آئندہ بارشوں سے قبل شہریوں، تاجروں اور خریداروں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ نکاسی آب کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔اجلاس میں راجہ بازار کے فوارہ چوک سے ڈنگی کھوئی تک بازار کی بحالی وتزئین و آرائش کے منصوبے سمیت دیگر جاری ترقیاتی سکیموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ راجہ بازار منصوبے کی نظر ثانی شدہ لاگت تقریباً 433.201 ملین روپے ہے، جبکہ اس کی فزیکل پیش رفت 90 فیصد اور مالی پیش رفت 42فیصد رپورٹ کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے کھوڑ، گوجر خان، کمیٹی چوک اور دیگر مقامات پر جاری بیوٹی فیکیشن منصوبوں کو فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ افسران مقررہ مدت کے اندر کام مکمل کرنے کو یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر نے آر ایل روڈ کے حوالے سے بھی متعلقہ افسران کو فوری طور پر قابل عمل حل پیش کرنے کی ہدایت کی تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جاسکے۔اجلاس میں واسا کے زیر انتظام شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی غور کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر نے ان منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ آئندہ واسا ایک مقام پر ترقیاتی کام مکمل کرنے کے بعد ہی دوسرے مقام پر کھدائی کرے گا، تاکہ سڑکوں کی بار بار کھدائی، ٹریفک کی روانی میں خلل اور شہریوں کو درپیش مشکلات سے بچا جاسکے۔ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار، رفتار اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے باہمی رابطے اور مؤثر نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ کمرشل مارکیٹ کے بیوٹی فیکیشن منصوبے کی نظر ثانی شدہ لاگت 336.359 ملین روپے اور فزیکل پیش رفت 95فیصد ہے۔

بقیہ 12

اور ثقافتی ورثے سے آگاہ کرنا انتہائی ضروری ہے۔اساتذہ کرام کو چاہیے کہ وہ طلبہ میں تاریخ کے مطالعے کا شوق پیدا کریں اور انہیں اپنی سرزمین کے تاریخی پس منظر سے روشناس کرائیں۔انہوں نے اساتذہ اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ''تاریخِ سکندر کا گمشدہ باب'' جیسی تحقیقی کتابوں کا مطالعہ کریں تاکہ مقامی تاریخ کے بارے میں ان کی معلومات میں اضافہ ہو اور تحقیق و جستجو کا رجحان فروغ پائے۔انہوں نے نعیم ملک کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرکاری ذمہ داریوں کی ادائیگی کے ساتھ مسلسل دس سال تک تحقیق کرنا اور اسے کتابی شکل میں محفوظ کرنا قابلِ تحسین ہے۔شعبہ تعلقات عامہ کی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے ایسی علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے لیے وقت نکالنا اور تاریخی مواد کو مرتب کرکے آئندہ نسلوں تک پہنچانا ایک قابلِ قدر خدمت ہے۔ انہوں نے نعیم ملک کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ کتاب تاریخ کے طلبہ، اساتذہ اور محققین کے لیے مفید ثابت ہوگی اور مقامی تاریخ پر مزید تحقیق کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

بقیہ 13

نئے پولٹری فارمز میں ایم/ایس گولڈن بیسٹ پولٹری فارم چک بیلی خان روڈ راولپنڈی، بی ایم سی پولٹری فارم جہلم اور شفا پولٹری اٹک نے منظوری لی۔سلمان غنی کمشنر راولپنڈی نے پولٹری فارمز کا شہری علاقوں سے دور واقع ہونا، فضلہ کے پھیلاؤ کی روک تھام، مردہ مرغیوں کی باقیات کو فوری طور پر ٹھکانے لگانے سے متعلق ہدایات جاری کیں۔مزید برآں کمشنر راولپنڈی نے ای پی اے حکام کو ہدایت جاری کی کہ زیر تعمیر فارمز کی مرحلہ وار چیکنگ اور انسپکشن کی جائے تاکہ قانونی تقاضوں کو یقینی بناتے ہوئے تعمیراتی عمل کو مکمل کیا جاسکے۔انہوں نے پولٹری انڈسٹری سے متعلق جلد دوبارہ اجلاس طلب کرنے اور دیگر اداروں جن میں سرفہرست واسا اور واپڈا کے افسران کو بھی شامل کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 14

کی جانے والی تعلیمی و دیگر سہولیات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ انہوں نے بچوں سے بات چیت کرتے ہوئے ان کے لیے دستیاب تعلیمی ماحول، دیکھ بھال اور دیگر ضروری سہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر راؤ خلیل احمد نے کمشنر کو چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوشن راولپنڈی میں بچوں کی فلاح و بہبود، تعلیم و تربیت، رہائش اور نگہداشت کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی۔کمشنر نے بچوں کی بہتر نگہداشت، تحفظ اور فلاح و بہبود کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ہدایت کی کہ ادارے میں بچوں کو محفوظ، سازگار اور دوستانہ ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ بچوں کی تعلیم و تربیت اور شخصیت سازی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ انہیں معاشرے کا مفید اور خودمختار شہری بنانے میں مدد مل سکے۔مزید برآں کمشنر نے نئے تعمیر ہونے والے چائلڈ پروٹیکشن انسٹیٹیوٹ کو جلد از جلد مکمل کرانے کی ہدایت جاری کی۔

بقیہ 15

ذریعے اہم سیاسی، سماجی اور ادبی موضوعات کو اجاگر کرتے رہے ہیں۔آپ معروف ادبی تنظیم اپووا کے بانی بھی ہیں۔اس موقع پر کتاب کے مسودے کی پیشکش کو ایک اہم ادبی و تصنیفی پیش رفت قرار دیا گیا۔توقع ہے کہ یہ کتاب قارئین کو گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے سیاسی سفر اور جدوجہد سے آگاہ کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

بقیہ 16

بڑے ہو چکے ہیں۔دور دراز اضلاع کے انتظامی معاملات صوبائی دارالحکومتوں سے سینکڑوں کلومیٹر دور بیٹھ کر چلانا نہ صرف مشکل بلکہ مؤثر حکمرانی کی راہ میں بھی بڑی رکاوٹ ہے۔صوبے این ایف سی ایوارڈ کے تحت وسائل میں اپنا حصہ تو وصول کرتے ہیں، لیکن ان وسائل کی اضلاع میں منصفانہ تقسیم اور عوامی ضروریات کے مطابق استعمال پر بھی سنجیدہ سوالات موجود ہیں۔ انتظامی ڈھانچے کی یہی پیچیدگیاں امن و امان اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت صوبائی ذمہ داریوں کی مؤثر تکمیل کو بھی متاثر کرتی ہیں۔پاکستان میں انتظامی تقسیم، اختیارات کی منتقلی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کو سیاسی مصلحتوں کے بجائے عوامی ضرورت اور قومی مفاد کی بنیاد پر دیکھا جائے۔نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کی تشکیل کا فیصلہ سیاسی نعروں کے بجائے آبادی، رقبے، معاشی صلاحیت اور زمینی حقائق کو سامنے رکھ کر کیا جانا چاہیے۔پاکستان کے موجودہ نوآبادیاتی انتظامی ڈھانچے کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، فیصلہ سازی کا فاصلہ کم کرنے اور مقامی اداروں کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ریاست عوام کے جتنے قریب ہوگی، حکمرانی اتنی ہی جواب دہ اور عوامی ضروریات کے مطابق ہوگی۔ابراہیم حسن مراد نے یہ بات یو ایم ٹی کے مطالعاتی دورے پر آنے والے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز اکیڈمی میں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکا کو نئے صوبوں، انتظامی یونٹس، سماجی خدمات اور پالیسی اصلاحات پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حوالے سے ابراہیم مراد نے زور دیا کہ انتظامی اصلاحات کا مقصد حکومتی ڈھانچے میں محض تبدیلی نہیں، بلکہ عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی ہونا چاہیے۔آبادی میں اضافے، وسیع رقبے اور مختلف علاقوں کی معاشی و سماجی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے انتظامی حل تلاش کرنا ہوں گے جو ریاستی اداروں کی رسائی بہتر بنائیں اور وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائیں۔ابراہیم مراد نے کہا کہ پاکستان میں مؤثر حکمرانی کے لیے فیصلہ سازی کو عوام کے قریب لانا ہوگا۔پانی، صفائی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولتوں سے متعلق فیصلے صوبائی دارالحکومتوں میں بیٹھ کر کرنے کے بجائے مقامی ضروریات کے مطابق مقامی سطح پر کیے جانے چاہئیں۔ان کے مطابق، بااختیار مقامی حکومتیں نہ صرف عوامی مسائل کا فوری حل ممکن بناتی ہیں بلکہ منتخب نمائندوں کی جواب دہی بھی مؤثر کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل ۱۴۰۔اے مقامی حکومتوں کے قیام اور انہیں سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات دینے کا تقاضا کرتا ہے۔تاہم، محض اختیارات کی منتقلی کافی نہیں؛ ان کے ساتھ مالی وسائل، واضح ذمہ داریاں اور شفاف احتساب کا نظام بھی ضروری ہے۔وسائل کے بغیر اختیارات مقامی حکومتوں کو مؤثر عوامی خدمت کے قابل نہیں بنا سکتے۔انہوں نے سماجی خدمات کے شعبوں میں بہتری کو بھی گورننس اصلاحات کا بنیادی ہدف قرار دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم، صحت، صاف پانی اور انصاف کی بروقت فراہمی کے مسائل حل کیے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں۔اس مقصد کے لیے پالیسی سازی کو زمینی حقائق سے ہم آہنگ کرنا اور حکومتی اقدامات کے نتائج کو مؤثر انداز میں جانچنا ضروری ہے۔

بقیہ 17

سیاسی جماعت جو پورے خلوص کے ساتھ فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوگی وہ مائنس ہوجائے گی۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جاسکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، گورنر کے پی نے 160ارب روپے کا تقاضہ کیا جس کی وزیر اعظم نے فوری منظوری دی۔رانا ثنا اللہ نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے۔

بقیہ 18

گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پولیس کا نظام خلفائے راشدین کے زمانے سے چلا آرہا ہے اور یہ بہت ذمہ داری کا کام ہے۔قوم کو آپ نوجوان افسران سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔ تھانوں کے ماحول کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ شہری انصاف کے حصول کے لیے تھانے آنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔انہوں نے پولیس افسران سے کہا کہ وہ ضمیر کی آوازسنیں اور میرٹ پر فیصلے کریں تاکہ کسی بھی شہری کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔پولیس افسران خود کو تھانے میں آنے والے سائل کی جگہ رکھ کر دیکھیں اور اپنے عہدے کو لوگوں کی بھلائی کے لیے استعمال کریں۔انہوں نے پولیس افسران پر زور دیا کہ وہ ہمیشہ ایمانداری اور خوش اخلاقی کو اپنا شعار بنائیں اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے بھرپور طریقے سے اپنی خدمات سرانجام دیں۔

بقیہ 19

اضافے کی رفتار 11.85ہوگئی ہے۔حالیہ ایک ہفتے میں 19اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 12 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی بارے ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی ہے۔وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق ایک سال میں ایل پی جی کی قیمت میں 107.12فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، سالانہ بنیاد پر بجلی کے پہلے سہ ماہی کے چارجز میں 58.59فیصد اضافہ دیکھا گیا۔زیر جائزہ عرصے کے دوران پیٹرول کی قیمت 44.17فیصد بڑھ گئی جبکہ سالانہ بنیاد پر ڈیزل کی قیمت میں 41.56 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ایک سال میں پیاز کی قیمت 72.81فیصد بڑھ گئی۔سالانہ بنیاد پر مرغی کے گوشت کی قیمت میں 38.99فیصد اضافہ ہوگیا۔ایک سال میں آٹے کی قیمت 36.49 فیصد بڑھ گئی رپورٹ کے مطابق مرچ پاوڈر کی قیمت میں سالانہ 15.55فیصد اضافہ ہوا، ایک سال میں بکرے کے گوشت کی قیمت 14.66 فیصد بڑھ گئی۔سالانہ بنیاد پر گائے کے گوشت کی قیمت میں 12.10فیصد اضافہ دیکھا گیا۔

بقیہ 20

ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے استنبول میں آر 4-وزارتی اجلاس کے موقع پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور مصر کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی توثیق کی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے لیے اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے تجارت، کاروباری اداروں کے درمیان روابط، زراعت، ادویہ سازی، علاقائی رابطوں، قابل تجدید توانائی، دفاع اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال بالخصوص فلسطین اور مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے علاقائی چار ملکی فریم ورک کے تحت مسلسل مشاورت، قریبی رابطہ کاری اور باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 21

بحری امور کے تین ادارے ملک کے 10منافع بخش سرکاری اداروں میں شامل ہوگئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ منافع بخش سرکاری اداروں کی فہرست میں چھٹے، پورٹ قاسم اتھارٹی ساتویں جبکہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن دسویں نمبر پر ہے،ان اداروں کی مالی کارکردگی کو بحری شعبے کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری نے بحری اداروں کی نمایاں مالی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی مؤثر مالیاتی انتظام اور بہتر کارکردگی کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بحری اداروں کی یہ کامیابی ان کی انتظامیہ اور ملازمین کی مشترکہ محنت کی عکاسی کرتی ہے، مالیاتی نظم و ضبط اور انتظامی امور میں بہتری کے ذریعے اداروں کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے۔

بقیہ 22

کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی میں قیادت کے معاملے پر کوئی اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر ہی پارٹی کی قیادت کریں گے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے مذاکراتی عمل میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے، محمود اچکزئی نے بھی لچک دکھائی ہے۔اس سے قبل شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کی مہم سے پارٹی کو بہت نقصان پہنچا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ بیرون ملک بیٹھے کسی یوٹیوبر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ 23

ابتدائی پوسٹ مارٹم رپورٹ میں بھی سنگین زخموں کی تصدیق ہوگئی۔رپورٹ کے مطابق حنا جاوید کے چہرے، گردن، بازوؤں اور ہاتھوں پر تشدد اور گہرے زخموں کے نشانات پائے گئے، مقتولہ کے ہونٹ پھٹے ہوئے تھے، جسم کے مختلف حصوں پر نیل کے نشانات موجود تھے، حنا جاوید کے سر کے پچھلے حصے پر 27 سینٹی میٹر طویل گہرا زخم پایا گیا۔رپورٹ کے مطابق مقتولہ کی گردن ٹوٹی ہوئی تھی، چہرے پر بھی زخموں کے نشانات پائے گئے، مقتولہ حنا جاوید کی کوہنیوں میں اسکرو ڈرائیور سے سوراخ کیے گئے تھے، حنا جاوید کے دائیں اور بائیں بازو پر تشدد اور نیل کے نشانات موجود تھے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ مقتولہ کے پھیپھڑوں میں خون بھرا ہوا تھا دل کے گرد موجود پیرا کارڈیم، میں بھی خون جمع تھا۔نجی ٹی وی کے مطابق حنا جاوید کو 20اگست کو سسرال میں تشدد کے بعد قتل کیا گیا تھا، مقتولہ کی لاش کو قتل کے بعد باتھ روم میں شاور کے ساتھ لٹکایا گیا تھا۔

بقیہ 24

الذمہ نہیں ہوسکتے اور انہیں اس حوالے سے جواب دہ ہونا پڑے گا۔اپنے جاری کردہ بیان میں میاں شاہد حسین نے کہا کہ پنجاب کے اندر جو ماورائے آئین قتل ہو رہے ہیں یہ انتہائی تشویشناک عمل ہے۔اس طرح کے واقعات سے عدالتی نظام پر سوالیہ نشان اٹھ رہے ہیں اور بیرون ملک پاکستان کی بدنامی ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عدالتوں کے ہوتے ہوئے ماورائے آئین قتل کسی صورت نہیں ہونے چاہئیں۔اگر کوئی شخص جرم کا مرتکب ہے تو اسے عدالتوں کے ذریعے قرار واقعی سزا ملنی چاہیے، قانون کو ہاتھ میں لے کر کسی کی جان لینا آئین اور قانون دونوں کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 25

انڈیپینڈنٹ گروپ، سردار امان اللہ خان پروفیشنل گروپ کے امیدوار ہیں۔ سپریم کورٹ بار انتخابات میں 4630وکلاء ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔لاہور کے 1498وکلاء ووٹرز شامل ہیں۔لاہور کے مقامی ہوٹل میں انڈیپینڈنٹ گروپ کے امیدواروں کے اعزاز میں تقریب منعقد کی۔عاصمہ جہانگیر لائرز فورم کی جانب سے تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 26

کرلیا ہے، اجلاس میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ایڈیشنل آئی جی، آر پی او اور مقتولہ کے اہلخانہ کو طلب کیا گیا ہے۔پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق حنا جاوید کے چہرے، گردن، بازوؤں اور ہاتھوں پر زخموں کے نشانات تھے، جبکہ ان کی گردن ٹوٹی ہوئی اور ہونٹ پھٹے ہوئے تھے۔حنا جاوید کو 20اگست کو گھر میں تشدد کے بعد قتل کیا گیا تھا، مقتولہ کے اہلخانہ نے پولیس تفتیش پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شفاف تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 27

موٹر سائیکل سے گرا کر تھپڑ مارے، بال نوچے اور تشدد کا نشانہ بنایا۔تشدد سے لڑکی کے چہرے اور ناک پر زخم آئے، لیپ ٹاپ اور بیگ کو بھی نقصان پہنچا جبکہ ملزم نے مبینہ طور پر لڑکی کا موبائل اور لیپ ٹاپ چھیننے کی بھی کوشش کی۔پولیس کے مطابق ملزم غلام مصطفیٰ ضلع چنیوٹ کا رہائشی ہے جس سے مزید تفتیش جاری ہے، متاثرہ لڑکی کے والد کی مدعیت میں تھانہ مزنگ میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ 28

منائی جائے گی۔سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ شہر میں کسی غیر محفوظ چھت پر پتنگ بازی کی اجازت نہیں ہوگی، 31دسمبر 2026سے قبل چھتوں پر کم از کم ساڑھے 3فٹ کی حفاظتی دیوار تعمیر کرنا لازم ہے جب کہ اجازت یافتہ مقامات پر چھتوں کی مرمت کروائی جائے۔احمد جاوید نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر پرانی عمارتوں اور گھروں کی چھتوں کا مکمل معائنہ کروائیں، غیر تسلی بخش رپورٹ پر ڈپٹی کمشنر کمزور عمارت پر پتنگ بازی پر پابندی عائد کریں۔

بقیہ 29

زیر کفالت 16بچے شیلٹر ہوم جبکہ دیگر بچے ورثا کے حوالے کردیے گئے ہیں۔چائلڈ پروٹیکشن بیورو نے بتایا کہ یتیم خانے سے بچوں کی منتقلی کے بعد دونوں عمارتیں خالی کرالی گئی ہیں اور یتیم خانے کی رجسٹریشن کی درخواست پہلے ہی مسترد کردی گئی تھی۔اس کے علاوہ یتیم خانہ چلانے والی این جی او کی رجسٹریشن بھی منسوخ کردی گئی ہے۔

بقیہ 30

جبکہ صوبے کو این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی دیا جاتا ہے۔سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ این ایف سی کے تحت خیبر پختونخوا کو ملنے والی اضافی رقم دیگر صوبوں سے الگ ہے اور اس مد میں ساڑھے 8 ارب روپے پہلے ہی دیے جاچکے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سابق فاٹا کے آڈٹ کا عمل صوبائی حکومت کی مدد سے مکمل ہو چکا ہے،

بقیہ 31

کے نام سے ہوئی ہے۔ابتدائی رپورٹ کے مطابق ماں کو گلا دبا کر جبکہ بیٹی کو سر پر آہنی چیز کے وار کرکے قتل کیا گیا۔ واقعے کے وقت گھر میں موجود پانچ سالہ نواسی اور تین سالہ نواسہ سو رہے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں بچوں سے بھی ابتدائی معلومات حاصل کی گئی ہیں۔پولیس کے مطابق مقتولہ خاتون اپنے بیٹوں سے ناراض ہوکر راولپنڈی میں کرائے کے مکان میں رہائش پذیر تھیں۔مقتولہ کے دونوں بیٹوں کو طلب کرکے ان کے ابتدائی بیانات بھی قلم بند کرلیے گئے ہیں۔بیٹوں نے پولیس کو بتایا کہ عرصہ دراز سے ان کا اپنی ماں اور بہن سے کوئی رابطہ نہیں تھا۔پولیس نے جائے وقوعہ سے فرانزک شواہد جمع کر لیے ہیں، جبکہ گھر کے قریب نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی حاصل کرلی گئی ہے۔واقعے کی تحقیقات کے لیے چار ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، جن کی سربراہی ایس ایس پی آپریشنز اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن کریں گے۔تفتیش میں سی سی ڈی کے ماہر افسران کی خدمات بھی حاصل کرلی گئی ہیں۔دوسری جانب آئی جی پنجاب نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او راولپنڈی سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔

بقیہ 32

اوچھل پوائنٹ کے قریب دونوں گاڑیوں کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں بھاری جانی نقصان ہوا۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ریسکیو ٹیمیں ضلعی انتظامیہ اور مقامی افراد موقع پر پہنچے۔زخمیوں کو فوری طور پر ایمبولینسز کے ذریعے قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا۔انچارج ایدھی لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی کے مطابق زخمی ہونے والے 22 افراد میں سے 7 کی حالت تشویش ناک ہے، جنہیں ٹراما سینٹر کراچی منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 33

پولیس آفیسر فواد احمد کے مطابق گزشتہ روز حافظ آباد میں کولوتارڑ کے علاقے میں دونوں ملزمان نے ماں کے اکسانے پر باپ اور اس کے دوست کو قتل کردیا تھا۔دونوں افراد کے قتل کا مقدمہ گزشتہ رات مقتول نذیر احمد ہنجرا کے بیٹے محمد طیب کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا۔ایف آئی آر کے مطابق مقتول نذیر احمد ہنجرا مقتول محمد صدیق اور اس کے بیٹوں کے درمیان زمین کے تنازع پر صلح کروانے کے لیے آیا تھا۔صلح کی کوشش کے دوران چاروں افراد میں تکرار ہوئی اور ملزمان نے اپنی ماں کے اکسانے پر کلہاڑیوں کے وار کرکے اپنے باپ محمد صدیق اور اس کے دوست نذیر ہنجرا کو قتل کردیا۔پولیس کے مطابق قتل کے الزام میں دونوں بیٹوں اور ان کی ماں کو گرفتار کر لیا گیا ہے، واقعہ کی تفتیش شروع کردی گئی

بقیہ 34

متعلق شکایات کے لیے کھلی کچہری میں شرکت کریں، شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 35

آرہے ہیں جبکہ مزدور کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ معاشی ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے اصلاحات اور نجی شعبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے پر بھی زور دیا گیا ہے۔عالمی بینک نے پاکستان ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ رپورٹ 2026جاری کردی۔ پاکستان میں گزشتہ 6سال میں غربت میں 7فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان میں 2018-19میں غربت کی شرح 22فیصد تھی، ملک میں سال 2024-25کے دوران غربت بڑھ کر 29فیصد ہوگئی۔ سال 2024میں پاکستان میں بے روزگاری کی شرح 7فیصد ریکارڈ کی گئی۔رپورٹ کے مطابق غربت میں اضافے کی وجہ کم ہوتی حقیقی لیبر انکم ہے، اس کے مقابلے میں مہنگائی کی شرح بہت بلند، سست پیداواری ترقی ہے، ملک میں خواتین اور نوجوانوں میں بے روزگاری زیادہ ہے۔عالمی بینک کے مطابق 2018سے 1 کروڑ 77لاکھ کے روزگار کے مواقع پیدا ہوئے، تاہم یہ ملازمتیں کم اجرت پر اور کم پیداواری شعبوں میں سامنے آئیں، پاکستان میں 2014سے 2024کے دوران سالانہ لیبر پروڈکٹیوٹی 0.4 فیصد رہی، سال 2026-27میں مہنگائی کی شرح 8.2فیصد کی بلند سطح پر رہے گی۔عالمی بینک نے پاکستانی معیشت سے متعلق رپورٹ میں معاشی استحکام کو روزگار کے بڑھتے تقاضے پورے کرنے کے لیے ناکافی قرار دے دیا۔رپورٹ کے مطابق پاکستان میں ہر سال 36لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں داخل ہورہے ہیں جبکہ ملک میں 2018سے اب تک ہر چھٹا پاکستانی بے روزگار ہیں، مزدوروں کی آمدن میں کمی اور مہنگائی میں اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ 36

نہیں بلکہ خاندان سے خاندان اور نسل در نسل محبت، اعتماد اور دوستی کا مضبوط رشتہ ہیں، سی پیک پاکستان اور چین کی دوستی کا تاریخی سنگ میل ہے، جبکہ نواز شریف کی قیادت نے اس منصوبے کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں 2029 تک کاروبار دوست معاشی تبدیلی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، برآمدات میں اضافے، ویلیو ایڈیشن اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے جامع حکمت عملی پر کام جاری ہے۔سینئر صوبائی وزیر نے بتایا کہ چین کے تعاون سے اگلے سال بین الاقوامی سطح کی ایئر کوالٹی کانفرنس منعقد کی جائے گی، پنجاب میں ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سٹیشنز کی تعداد 69 تک بڑھا دی گئی ہے، جبکہ ہدف 100سٹیشنز کا قیام ہے۔مریم اورنگزیب کے مطابق بیجنگ کے کامیاب ماڈل سے استفادہ کرتے ہوئے پنجاب میں سموگ کے تدارک کیلئے سال بھر اقدامات جاری ہیں، ماحول دوست ٹیکنالوجی اور مؤثر نگرانی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، سپر سیڈرز اور بیلرز کے استعمال سے فصلوں کی باقیات جلانے کی حوصلہ شکنی کی جارہی ہے، جبکہ زرعی باقیات کو معاشی وسائل میں تبدیل کرنے کیلئے جدید طریقوں کے فروغ پر توجہ دی جارہی ہے۔صوبائی وزیر نے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں گرین انرجی اور ای موبلٹی کو فروغ دیا جارہا ہے، طلبہ کو ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس کی فراہمی ماحول دوست سفر کی جانب اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور، ملتان اور سرگودھا میں کینسر کے علاج کی سہولتوں اور ضلعی کینسر مراکز کے قیام پر کام جاری ہے۔

بقیہ 37

166 موبائل سائٹس پر مختلف مانیٹرنگ سرگرمیوں کے ذریعے سروسز میں بہتری کے مؤثر اقدامات کیے گئے۔اس دوران پی ٹی اے کے زونل دفاتر نے متعلقہ نمائندوں کے ساتھ مل کر کراچی، کوئٹہ، جیکب آباد، خیرپور، رحیم یار خان، قصور، چونکی، کوٹ رادھا کشن، نوشہرہ ورکاں، تورغر، فیصل آباد اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا تاکہ ٹیلی کام سروسز کے جائزے کے ساتھ ساتھ صارفین کو درپیش مسائل کا بھی ازالہ کیا جاسکے۔اس موقع پر ٹیلی کام آپریٹروں کو ہدایت کی گئی کہ موبائل نیٹ ورک کوریج، وائس اور انٹرنیٹ سروسز کے معیار سے متعلق سامنے آنے والے مسائل کو مقررہ مدت کے اندر حل کیا جائے۔واضح رہے کہ پی ٹی اے متعلقہ اداروں، ٹیلی کام آپریٹروں اور مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر ملک بھر میں صارفین کو بہتر، قابل اعتماد اور معیاری ٹیلی کام سروسز کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 38

عالمی ماہ) سائبر منتھ (2026کے موقع پر نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم) نیشنل سرٹ (نے ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ اہم سسٹمز تک صرف مجاز اور تصدیق شدہ صارفین کو ہی رسائی دی جائے اور جن افراد کو ضرورت نہ ہو ان کا داخلہ فوری طور پر بلاک کردیا جائے۔اس کے علاوہ کم سے کم مراعات کے اصول پر عمل کرتے ہوئے ملازمین یا صارفین کو صرف اتنی ہی رسائی دی جائے جو ان کے کام کے لیے ناگزیر ہو، تاکہ غیر ضروری اجازت کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔

بقیہ 39

عالمی ماہ) سائبر منتھ (2026کے موقع پر نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم) نیشنل سرٹ (نے ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ اہم سسٹمز تک صرف مجاز اور تصدیق شدہ صارفین کو ہی رسائی دی جائے اور جن افراد کو ضرورت نہ ہو ان کا داخلہ فوری طور پر بلاک کردیا جائے۔اس کے علاوہ کم سے کم مراعات کے اصول پر عمل کرتے ہوئے ملازمین یا صارفین کو صرف اتنی ہی رسائی دی جائے جو ان کے کام کے لیے ناگزیر ہو، تاکہ غیر ضروری اجازت کے غلط استعمال کو روکا جاسکے۔

بقیہ 40

اسکول کی افتتاحی تقریب کے دوران بتایا کہ جماعت اسلامی کے ٹاؤنز میں ترقیاتی کام جاری ہیں، ہمارے ٹاؤن چیئرمین اختیارات سے بڑھ کر کام کر رہے ہیں، کراچی میں قبضہ میئر نے اختیارات روک کے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم طویل عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں، ہم پیٹرولیم لیوی ٹیکس کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں، ملک میں ڈھائی کروڑ لوگوں کی سواری موٹرسائیکل ہے، پیٹرول کی قیمت کم ہو جائے گی تو عوام کا جینا بھی آسان ہو جائے گا۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پاکستان زرعی ملک ہے مگر یہاں گندم کو تباہ کردیا گیا، یہ بحران پیدا کر کے گندم درآمد کرتے ہیں اور کماتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے گھریلو خواتین کو مشکلات کا سامنا ہے، آئی پی پیز کا معاملہ کیوں حکومت نظر انداز کر رہی ہے؟ ملک کی معاشی صورتحال سب کے سامنے ہے، ہم لانگ مارچ کی تیاری کررہے ہیں، اسلام آباد جائیں گے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ شہر میں 10 کلو آٹا 2 ہزار روپے میں فروخت ہو رہا ہے، صوبائی حکومت کی سرپرستی میں زمینوں پر قبضے ہو رہے ہیں۔

بقیہ 41

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے بتایا کہ جنوری 2022 سے ستمبر 2026 تک ٹرینیں پٹڑی سے اترنے کے 349واقعات پیش آئے، جن میں سب سے بڑی وجہ ریلوے ٹریک کی خرابی بنی۔ 95 واقعات عملے کی غلطی اور 64 رولنگ اسٹاک کی خرابی کے باعث پیش آئے جبکہ 120مقدمات تاحال زیرالتوا ہیں۔ 331واقعات کی تحقیقات مکمل کی جاچکی ہیں۔

بقیہ 42

بڑھ سکتی ہے کیونکہ ملبے کے نیچے لوگ دبے ہوسکتے ہیں۔یہ بھی بتایا گیا ہے کہ امدادی کارروائیوں میں ایک ہزار چھ سو سے زائد کارکن شریک ہیں جبکہ متاثرین کے لیے ایک ہزار عارضی مکانات، قریباً تین ہزار خیمے اور دوسرا سامان بھجوایا گیا ہے جس میں فولڈنگ بیڈز، کھانے پینے کی اشیا، ٹارچز اور سردی سے بچنے کے کپڑے وغیرہ بھی موجود ہیں۔

بقیہ 43

افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 44

سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد ہوا، مورگاہ پولیس نے دورکنی گینگ کو گرفتار کرکے 3 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون اور لیپ ٹاپ برآمد کیا، نیو ٹاؤن پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل ،11 موبائل فون، رقم اور اسلحہ برآمد کیا، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 45

اسلام آباد میر فیضان کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی (HOTA) کی ٹیم کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے پی ڈبلیوڈی سوسائٹی، اسلام آباد میں چھاپہ مارا اور غیر قانونی گردے کی پیوندکاری کے منظم گروہ کو پکڑ لیا۔چھاپے کے دوران انکشاف ہوا کہ وصول کنندہ محمد قاسم کو ڈونر رمضان ارشد کا گردہ غیر قانونی طریقے سے لگایا گیا تھا، چھاپے کے دوران تین ملزمان کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا جبکہ دیگر دو کو بعد ازاں گرفتار کیا گیا۔ایف آئی اے نے ملزمان کو عدالت میں پیش کیا جہاں سے گرفتار ملزمان کا سات روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا گیا۔حکام کے مطابق ملزمان سے تحقیقات کے دوران طریقہ واردات کے بارے میں انکشاف ہوا ہے وصول کنندہ نے گردے کی پیوندکاری کے عوض 30 لاکھ روپے نقد ادا کیے۔ ڈونر کا بندوبست ایجنٹوں نے کیا ان ایجنٹوں نے ڈونر سے 4 لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا جس میں سے 3 لاکھ 40 ہزار روپے ڈونر کو اور 60 ہزار روپے تینوں ایجنٹوں میں کمیشن کے طور پر تقسیم ہونے تھے۔ابتدائی تحقیقات میں مزید انکشافات سامنے آئے کہ ملزمان کسی قسم کی طبی ڈگری یا سند کے بغیر رہائشی مکانات میں گردوں کی پیوندکاری کرتے رہے ہیں،

بقیہ 46

ضروریات کا 76فیصد پنجاب پیدا کرتا ہے۔محکمہ زراعت کے مطابق گندم کی بروقت قیمت مقرر کرنے پر کسانوں کی حوصلہ افزائی اور اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، بروقت حکومتی اقدام سے کسانوں کی معیشت میں بہتری آئے گی اور وافر پیداوار سے فوڈ سکیورٹی یقینی ہوگی۔

بقیہ 47

اور لائف انشورنس نیشنلائزیشن ترمیمی بل 2026قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے تاہم کارروائی کے دوران پی ٹی آئی کے رکن محمود شاہ نے کورم کی نشاندہی کردی۔گنتی پر کورم نامکمل ثابت ہونے کے بعد اجلاس کی کارروائی کورم پورا ہونے تک ملتوی کر دی گئی۔بعد ازاں حکومت دوبارہ بھی کورم پورا کرنے میں ناکام رہی، جس پر پینل آف چیئرمین کے رکن عبدالقادر پٹیل نے قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) جمعہ کی صبح 11 بجے تک ملتوی کردیا۔

بقیہ 48

۔افتتاح کے بعد راولپنڈی رنگ روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔آر ڈی اے ذرائع کے مطابق راولپنڈی رنگ روڈ کے 38.3 کلومیٹر طویل روٹ پر چار انٹر چینجز کا کام 99فیصد مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ منصوبے کے دوسرے پیکیج کے تحت ٹولنگ سسٹم کی تنصیب کا کام جاری ہے، جسے افتتاح سے قبل مکمل کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ ٹولنگ سسٹم پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی کے حوالے کیا جائے گا جبکہ منصوبے کے آپریشن اور دیکھ بھال کی ذمہ داری بھی اتھارٹی کے پاس ہوگی۔راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے کے پہلے پیکیج کا روٹ مکمل ہوچکا ہے جبکہ تیسرے پیکیج کے تحت تھلیاں انٹرچینج کے لیے اراضی حاصل کرلی گئی ہے۔آر ڈی اے ذرائع کے مطابق رنگ روڈ کے آخری انٹرچینج، تھلیاں براڈمیڈ انٹرچینج، کو بعد میں مکمل کیا جائے گا تاہم اس کی تکمیل سے قبل ہی رنگ روڈ کو موٹروے سے منسلک کردیا گیا ہے۔دوسری جانب پنجاب حکومت کی ورکنگ پارٹی نے راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے کے 50ارب 40 کروڑ روپے مالیت کے تیسرے نظر ثانی شدہ پی سی ون کی منظوری دے دی ہے۔نظر ثانی شدہ پی سی ون میں تھلیاں براڈمیڈ انٹرچینج کی تعمیراتی لاگت بھی شامل کرلی گئی ہے۔منصوبے کے افتتاح کی حتمی تاریخ کا اعلان تاحال نہیں کیا گیا، تاہم حکام کی جانب سے افتتاحی انتظامات مکمل کرنے اور ٹولنگ سسٹم کو فعال بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 49

34 کروڑ 40لاکھ ڈالر رہ گئے۔دوسری جانب سٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر میں ایک کروڑ 90لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا جس کے بعد مرکزی بینک کے ذخائر بڑھ کر 21ارب 48 کروڑ 90لاکھ ڈالر ہوگئے۔اعداد وشمار کے مطابق ملکی زرمبادلہ ذخائر کا مجموعی حجم 26ارب 83 کروڑ 30لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 50

کی تلاش میں پولیس کا تعاقب جاری ہے۔علاقے میں اغوا کاروں کی گرفتاری کے لیے بھاری نفری کا سرچ آپریشن بھی جاری ہے۔

بقیہ 51

ڈائریکٹر این سی سی آئی اے لاہور کی اجازت سے سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی سیالکوٹ میں مخبر کی اطلاع پر چھاپہ مارا گیا، چھاپے کے دوران ٹک ٹاکر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 2 موبائل فونز برآمد کر لیے گئے، موقع پر تکنیکی جانچ میں ملزم کے فیس بک، 2 انسٹاگرام اور ٹک ٹاک اکاؤنٹس برآمد شدہ فونز پر ایکٹو پائے گئے۔ذرائع کے مطابق متنازع ویڈیو آئی فون کے ڈاؤن لوڈز فولڈر میں موجود پائی گئی، تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ ٹک ٹاکر کے فیس بک اور ٹک ٹاک اکاؤنٹس مونیٹائزڈ ہیں اور نجی بینک اکاؤنٹ سے منسلک ہیں، ٹک ٹاکر سوشل میڈیا پر روسٹنگ اور متنازع ویڈیوز اپ لوڈ کرکے مالی فوائد حاصل کرتا تھا۔ذرائع نے کہا کہ دوران تفتیش ٹک ٹاکر نے اعتراف کیا کہ اس نے 10 ستمبر 2026 کو ویڈیو اپ لوڈ کی اور نازیبا زبان استعمال کرنے پر بعد میں ڈیلیٹ کردی تھی۔

بقیہ 52

عمل کو آسان بنانا اور اے آئی کے ذریعے کارکردگی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔

بقیہ 53

سامان واپس لینے کا اختیار ہوگا جبکہ اسلحہ، منشیات اور جعلی اشیا کی نیلامی پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔دستاویز کے مطابق ضبط شدہ سامان کی تمام تر نیلامی الیکٹرانک نظام کے ذریعے کی جائے گی، نیلامی میں حصہ لینے کے لیے 25ہزار روپے یکمشت فیس اور درست شناختی کارڈ کے ساتھ آن لائن رجسٹریشن لازمی ہوگی جس کے بعد بولی دہندہ کو منفرد نمبر جاری کیا جائے گا۔سامان کی کم از کم قیمت مقرر کرنے کے لیے ویلیوایشن کمیٹی قائم کی جائیگی، آن لائن بولی کے لیے 72 گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ 3مرتبہ نیلامی ناکام ہونے پر قیمت میں 10فیصد تک کمی کی جاسکے گی۔خصوصی حالات میں مقررہ قیمت کے 80فیصد تک کی بولی بھی قابل قبول ہوگی، کامیاب بولی دہندہ کو 7روز میں مکمل رقم، ٹیکسز اور ڈیوٹیز ادا کرنا ہوں گی جس کے بعد الیکٹرانک ریلیز آرڈر جاری ہوگا، جبکہ مقررہ وقت میں ادائیگی نہ کرنے پر بولی کی سیکیورٹی ضبط اور کمشنر کے پاس نیلامی منسوخ کرنے کا مکمل اختیار ہوگا۔

بقیہ 54

بیان کے مطابق گیلری میں منعقد کی جانے والی پہلی انفرادی نمائش لاہور سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ مینا ہارون کے فن پاروں پر مشتمل ہے۔وہ ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق امریکی محکمہ خارجہ کے ایک تبادلہ پروگرام کی سابق شریک ہیں۔مینا ہارون نے اپنی والدہ کے زیورات سے آغاز کرتے ہوئے وراثت میں ملنے والے زیورات اور آرائشی اشیا کو اپنے فن پاروں میں یادوں، شناخت اور خاندانی تسلسل کی علامت کے طور پر استعمال کیا ہے۔اس نمائش کا افتتاح امریکی تعلیمی اور تبادلہ پروگراموں کی کئی دہائیوں پر محیط تاریخ کا مظہر ہے۔علاوہ ازیں یہ نمائش ایک ایسی سابق شریک کو نمایاں کرتی ہے جن کی کامیابیاں امریکا اور پاکستان کی باہمی شراکت داری کی عکاس ہیں۔افتتاحی تقریب میں امریکی محکمہ خارجہ کے مندوبین، ستر نگ گیلری کی ڈائریکٹر اور نمائش کی پروگرام ایڈوائزر عاصمہ راشد خان، نمائش کی کیوریٹر سارہ راجپر سمیت فنون لطیفہ کے شعبے سے وابستہ شخصیات، تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکا اور سفارتی حلقوں کے ارکان نے شرکت کی۔

بقیہ 55

تل الہوا کے علاقے میں منشیات کنٹرول پولیس کی گاڑی پر اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص شہید اور دوسرا زخمی ہوا۔اسرائیل کا الزام ہے کہ حماس جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دوبارہ ہتھیار جمع کر رہی ہے اور حملوں کی منصوبہ بندی کر رہی ہے جبکہ حماس ان الزامات کی تردید کرتے ہوئے اسرائیل پر جنگ بندی معاہدے کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کرتی ہے۔گزشتہ سال امریکا کی ثالثی میں طے پانے والی جنگ بندی کے باوجود غزہ کی تعمیر نو اور اسرائیلی فوج کے انخلا پر اتفاق نہیں ہوسکا

بقیہ 56

سے تھا۔دونوں نے کچھ عرصہ قبل پسند کی شادی کی تھی۔ جرگے میں انہیں الگ کردیا گیا تھا، تاہم دونوں دوبارہ گھر سے فرار ہو کر ساتھ رہنے لگے تھے۔پولیس کے مطابق جوڑا آج پنو عاقل آیا تھا اور واپسی پر ملزمان نے تعاقب کے بعد انہیں نشانہ بنایا۔دوسری جانب سکھر پولیس نے دہرے قتل کے مقدمے میں دو ملزمان عبدالمالک سمیجو اور عبدالحنان سمیجو کو گرفتار کرنے کی تصدیق کی ہے۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک ریپیٹر بھی برآمد کیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق واقعہ کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بچوں کی ذہنی وجسمانی نشوونما کے لیے کھیلوں کی سرگرمیاں انتہائی ضروری ہیں، سردار رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (این این آئی) کنگسٹن کالج اولمپیاڈ 9.0 کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ میگا اسپورٹس فیسٹیول میں لاہور بھر کے 30سے زائد معروف اسکولوں کے طلبہ و طالبات حصہ لے رہے ہیں، جبکہ اولمپیاڈ میں 17دلچسپ ان ڈور اور آؤٹ ڈور کھیلوں کو شامل کیا گیا ہے۔اولمپیاڈ کے دوران کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، شطرنج سمیت مختلف کھیلوں کے مقابلے جاری ہیں، جن میں طلبہ و طالبات بھرپور جوش و خروش کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہے ہیں۔اس اسپورٹس فیسٹیول کا مقصد بچوں میں کھیلوں کے رجحان کو فروغ دینا، صحت مند مسابقت کی حوصلہ افزائی کرنا اور نوجوان نسل کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔تقریب میں کنگسٹن کالج کی پرنسپل نائلہ فرخ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کرنے پر صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا شکریہ ادا کیا اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کی آمد کو خوش آئند قرار دیا۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ بچوں کے لیے اس طرح کی سرگرمیاں انتہائی فائدہ مند ہیں، کیونکہ کھیل نہ صرف ان کی جسمانی صحت بہتر بناتے ہیں بلکہ ان میں نظم و ضبط، برداشت، ٹیم ورک، خود اعتمادی اور قیادت جیسی صلاحیتیں بھی پیدا کرتے ہیں۔

آر پی او راولپنڈی کی کھلی کچہری میں میڈیا کوریج پر پابندی

اوپن ڈور ویژن پر سوالیہ نشان سائلین کی شکایات پر کارروائی کے احکامات، صحافیوں کو کیمرے اور مائیک استعمال کرنے سے روک دیا گیا

آئی جی پنجاب اور وزیر اعلیٰ سے وضاحت طلب، کیا میڈیا کوریج روکنے کے کوئی سرکاری قواعد موجود ہیں؟

نہ سوالات کا موقع، نہ بریفنگ، نہ فیڈ بیک صحافی کھلی کچہری میں خاموش تماشائی بنے رہے

عوامی شکایات کی کوریج سے گریز کیوں؟ وزیر اعلیٰ پنجاب کے اوپن ڈور ویژن پر عمل درآمد سوالیہ نشان بن گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا کی تھانہ گوجرخان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں سائلین نے کثیر تعداد میں شرکت کرکے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ آر پی او نے شکایات سنیں اور اے ایس پی گوجرخان سید دانیال حسن اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان چوہدری رفیق کو ضروری کارروائی اور مسائل کے ازالے کے احکامات جاری کیے۔ تاہم صحافیوں کو کیمرے اور مائیک استعمال کرنے اور تصاویر بنانے سے روک دیا گیا۔ جی ٹی روڈ کے کنارے واقع تھانے میں گاڑیوں کے شور کے باعث صحافیوں کے لیے سائلین کی گفتگو سننا اور ان کے مسائل کی نوعیت جاننا بھی دشوار تھا۔ کھلی کچہری ختم ہونے پر (بقیہ نمبر 1)

سی پی او آج تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے سی پی او راولپنڈی (آج) ہفتہ کو تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے لیے کھلی کچہری، سی پی او راولپنڈی (آج) 24 اکتوبر ہفتہ بوقت 10:30 بجے دن تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے، شہریوں سے التماس ہے کہ وہ تھانہ کینٹ اور ایس ڈی پی او آفس کینٹ سے (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، 2 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ ٹیکسلا اور گوجرخان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

اسلام آباد: آذربائیجان کے سفیر عرفان داؤدوف نے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات کی

پاکستان میں ہر 6 میں سے ایک فرد بیروزگار

عالمی بینک نے پاکستان میں معاشی استحکام کے باوجود روزگار کے بحران سے خبردار کردیا

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان میں معاشی استحکام کے باوجود روزگار کے بحران سے خبردار کردیا۔ جی ڈی پی گروتھ 3.7 فیصد جبکہ بیروزگاری 7 فیصد تک پہنچ گئی۔ ملک میں ہر سال 36 لاکھ نوجوان روزگار کی تلاش میں مارکیٹ میں (بقیہ نمبر 35)

ٹیلی کام سروسز کے معیار میں بہتری کیلئے ملک گیر نگرانی جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے ٹیلی کام سروسز کے معیار میں بہتری، نیٹ ورک کی کارکردگی میں اضافے اور صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے ملک بھر میں نگرانی کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے 15 سے 22 اکتوبر 2026ء کے دوران پی ٹی اے کے 12 زونل دفاتر کے ذریعے (بقیہ نمبر 37)

مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن کی ملاقات

مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، سی پیک پاکستان اور چین کی دوستی کا تاریخی سنگ میل ہے

لاہور (اے ایف پی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نے ملاقات کی، جس میں پاک چین دوستی، سی پیک، معاشی ترقی، امن و امان، ٹیکنالوجی کی منتقلی، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات محض سفارتی (بقیہ نمبر 36)

لاہور، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن ملاقات کررہے ہیں

باڑیاں بازار میں بجلی کی تاریں زیرِ زمین منتقل کرنے کا کام مکمل

مری کو عالمی معیار کا سیاحتی مقام بنانے کے لئے خطیر فنڈز خرچ کیے جارہے ہیں، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی

بازار کی خوبصورتی اور منظر میں واضح بہتری، علاقہ مکینوں اور تاجروں کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اظہارِ تشکر

مری (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مری ڈویلپمنٹ پلان کے تحت باڑیاں بازار میں بجلی کی تاریں زیرِ زمین منتقل کرنے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ اس منصوبے سے بازار کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا ہے جبکہ علاقے کو مزید صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے میں بھی مدد ملی ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا کہنا ہے کہ مری کو عالمی معیار کا سیاحتی مقام بنانے کے لیے پنجاب (بقیہ نمبر 2)

حساس سسٹمز کے تحفظ کیلئے سخت ایکسس کنٹرولز کا نفاذ ناگزیر ہے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (نیشنل سرٹ) نیا ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے حساس واہم سسٹمز کو محفوظ بنانے کے لیے سخت ایکسس مینجمنٹ نافذ کریں۔ سسٹم کے مسلسل اور محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے کے لیے غیر مجاز رسائی کی روک تھام بنیادی تقاضا ہے۔ سائبر سکیورٹی سے آگاہی کے (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات، محمد اورنگزیب نے عالمی بینک کے خطے 'میناپ' (MENAAP) کے ریجنل پریکٹس ڈائریکٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات کی

4 سال میں ٹرینوں کے 349 حادثات، عملے کی غلطیوں کا بھی انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے میں ساڑھے چار سال کے دوران ٹرینیں پٹڑی سے اترنے کے 349 واقعات پیش آئے جن میں سے 95 واقعات عملے کی غلطی کی وجہ سے ہوئے۔ قومی اسمبلی میں ریلوے حادثات کی وجوہات، انسدادِ ڈینگی اقدامات اور ایچ آئی وی وہیپاٹائٹس کے خاتمے کے منصوبوں کی تفصیلات پیش کر دی گئیں۔ قومی اسمبلی اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران (بقیہ نمبر 41)

ایف بی آر میں بڑے پیمانے پر بھرتیوں کا فیصلہ، کمیٹیاں تشکیل

گریڈ 1 سے 10، گریڈ 11 سے 16 تک کی بھرتیوں سے متعلق معاملات الگ الگ کمیٹیاں دیکھیں گی

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بڑے پیمانے پر بھرتیوں کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے دو الگ کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 1 سے 10 اور گریڈ 11 سے 16 تک کی بھرتیوں سے متعلق معاملات الگ الگ (بقیہ نمبر 39)

لانگ مارچ کی تیاری کررہے ہیں، اسلام آباد جائیں گے

ہم پیٹرولیم لیوی ٹیکس کے خلاف جدوجہد کررہے ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (اے ایف پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو ووٹ دیا ہے، ہمارا مینڈیٹ چوری کیا اور قبضہ میئر کو ہم پر مسلط کر دیا گیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کراچی کے علاقے گودھرا کالونی میں ماڈل (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی میں گندم اور آٹے کی بلاتعطل فراہمی اور مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

گندم کی غیر قانونی نقل و حمل پر کارروائی کی جائے عبدالرحمٰن خان

ٹیکسلا اور کینٹ چیک پوسٹوں پر مانیٹرنگ سخت، آٹے کی سپلائی کا روزانہ کی بنیاد پر ریکارڈ مرتب کرنے کا حکم

غیر قانونی سپلائی اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی گندم اور آٹے کی بلاتعطل فراہمی اور سبسڈائزڈ آٹے کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے ایک اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر کمپلیکس راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر، پرائس مجسٹریٹس اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور چیف سیکرٹری کی ہدایات کے مطابق گندم اور آٹے کی (بقیہ نمبر 3)

چین میں زلزلے سے سینکڑوں مکان منہدم، 16 افراد ہلاک

بیجنگ (اے ایف پی) چین کے علاقے تبت میں آنے والے شدید زلزلے کے نتیجے میں کم سے کم 16 افراد ہلاک اور 65 زخمی ہوئے جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں مکانات بھی منہدم ہوگئے، پاکستان نے مدد کی پیشکش کر دی۔ زلزلے کی شدید سات اعشاریہ ایک تھی، تبت کے شمالی شہر ناگچو میں کم سے کم 339 مکانات منہدم ہوئے ہیں اور متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ یہ خدشات بھی ظاہر کیے گئے ہیں کہ مرنے والوں کی تعداد (بقیہ نمبر 42)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کا اپنے دفتر میں کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

اسلام آباد، قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح تمی البوگامی نے ایوان صدر میں ملاقات کی

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ (بقیہ نمبر 43)

ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 2 گینگز کے 3 ملزمان گرفتار

4 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 3 ملزمان گرفتار کرکے 4 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 گینگز کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد سے 4 مسروقہ موٹر (بقیہ نمبر 44)

نائب وزیر اعظم / وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کی ترکی کے وزیر خارجہ جناب ہاکان فیدان کے ساتھ ملاقات

چوآ سیدن شاہ کے نواحی گاؤں منہالہ کا اعزاز

چوہدری محسن صدیق گجر نے PMS امتحان پاس کرلیا

چوہدری نوازش گجر مرحوم کے پوتے کی کامیابی پر اہلِ علاقہ میں خوشی کی لہر

دلی مبارکباد پیش اور روشن مستقبل کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ کے نواحی گاؤں منہالہ سے تعلق رکھنے والے چوہدری محسن صدیق گجر نے صوبائی مینجمنٹ سروس (PMS) کا امتحان پاس کرکے اپنے خاندان اور علاقے کا نام روشن کردیا۔ وہ معروف شخصیت چوہدری نوازش گجر مرحوم کے پوتے اور چوہدری محمد صدیق کے صاحبزادے ہیں۔ ان کی اس کامیابی پر اہلِ منہالہ اور معززینِ علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اور ان کے اہلِ خانہ کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چوہدری ابرار گجر منہالہ، چوہدری مشتاق حسین، چوہدری احسن صدیق گجر، چوہدری (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، گردے کی غیر قانونی پیوندکاری، 5 ملزمان گرفتار

8.75 کروڑ کی جائیدادیں منجمد، منی لانڈرنگ کی تحقیقات بھی شروع

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اسلام آباد نے گردے کی غیر قانونی پیوندکاری میں ملوث بڑے گروہ کا سراغ لگا کر پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 10 لاکھ روپے نقد برآمد، 8 کروڑ 75 لاکھ روپے مالیت کی جائیدادیں منجمد، غیر قانونی سیٹ اپ سیل، تین گاڑیاں ضبط کرلی گئیں۔ حکام کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد ندیم بخاری نے ملنے والی خفیہ اطلاع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے اینٹی کرپشن (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات محمد اورنگزیب نے این ڈی ایم اے کے سبکدوش ہونے والے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور آنے والے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل حسن خٹک سے ملاقات کی

پنجاب حکومت نے گندم کی نئی قیمت مقرر کردی

بروقت قیمت مقرر کرنے پر کسانوں کی حوصلہ افزائی، اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، محکمہ زراعت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4500 روپے گندم فی من مقرر کر دی۔ محکمہ زراعت کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کسانوں کے لیے گندم کو زیادہ منافع بخش بنانے کے لیے عملی اقدام کرتے ہوئے گندم کی فی من قیمت 4500 روپے مقرر کی ہے۔ محکمہ زراعت کے مطابق گندم زرعی خود کفالت کے لیے ناگزیر ہے اور ملکی (بقیہ نمبر 46)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ، جہاں سینئر افسران نے انہیں کنٹرول روم میں کیمروں کی مانیٹرنگ، نگرانی کے نظام اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

اسلام آباد میں قبروں کے لئے زمین کی شدید قلت

جگہ کے حصول کیلئے زیادہ سفارشیں آتی ہیں، وزیر مملکت طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں قبروں کیلئے زمین کی شدید قلت ہے اور قبر کی جگہ کے حصول کیلئے سب سے زیادہ سفارشیں آتی ہیں۔ قومی اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب دیتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کو منصوبہ بندی کے تحت وفاقی دارالحکومت بنایا گیا، لیکن 150 غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز نے پارکوں اور قبرستانوں کیلئے مختص پلاٹ بھی فروخت کر دیے۔ اجلاس میں پرائیویٹائزیشن کمیشن ترمیمی بل 2026، اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026 (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح نومبر کے پہلے ہفتے میں متوقع

راولپنڈی رنگ روڈ کے 38.3 کلومیٹر طویل روٹ پر چار انٹرچینجز کا کام 99 فیصد مکمل کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے کے افتتاح کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز منصوبے کا افتتاح کریں گی، افتتاحی تقریب بانٹھ انٹرچینج، جی ٹی روڈ پر منعقد ہونے کا امکان ہے، تاہم حتمی تاریخ کا اعلان ہونا باقی ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح 28 اکتوبر یا نومبر کے پہلے ہفتے میں متوقع ہے۔ منصوبے کے افتتاح کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے تاریخ دینے کی درخواست کی گئی تھی (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مساجد اور اطراف میں صفائی کے خصوصی انتظامات، آگاہی مہم جاری

شہر اور تحصیلوں میں اینٹی لٹرنگ سکواڈ متحرک، کوڑا پھیلانے والوں کی مانیٹرنگ اور انسدادِ سموگ اقدامات تیز

شہری صفائی مہم میں تعاون کریں، راولپنڈی کو صاف ستھرا بنانا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، ایم ڈی ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر شہر بھر اور تحصیلوں میں جمعہ کے روز مساجد کے اندر اور اطراف میں صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کیے گئے، جبکہ نمازیوں اور شہریوں کو صفائی کی اہمیت، کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر پھینکنے اور ماحول کو صاف رکھنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر مساجد میں آگاہی مہم کے ذریعے (بقیہ نمبر 4)

لاہور واپڈا کے جنرل منیجر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ امیر شفیق الرحمان اور ایس سی او کے ڈائریکٹر پیش پراجیکٹس بریگیڈیئر (ر) سید صائب امام زیدی داسو سیف سٹی پراجیکٹ کے کنٹریکٹ پر دستخط کررہے ہیں

سرگودھا، ٹرالی نے رکشہ کو ٹکر ماردی، ایک شخص جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے علاقہ مٹھہ لک میں بانس سے لدی ٹرالی نے رکشے کو ٹکر مار دی۔ حادثے میں رکشہ سوار شخص ٹرالی کی زد میں آ کر موقع پر جاں بحق ہوگیا، جاں بحق شخص کی تاحال شناخت نہ ہوسکی، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس حکام نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے شخص کے ورثا کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

ملکی زرمبادلہ ذخائر 26 ارب 83 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گئے

بینکوں کے فارن کرنسی اکاؤنٹس میں 4 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کی کمی ہوئی، سٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک نے ملکی زرمبادلہ ذخائر کے ہفتہ وار اعداد و شمار جاری کردیئے جس کے مطابق بینکوں کے فارن کرنسی اکاؤنٹس میں کمی جبکہ سٹیٹ بینک کے ذخائر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق بینکوں کے فارن کرنسی اکاؤنٹس میں 4 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کی کمی ہوئی جس کے بعد بینکوں کے ڈالر ڈپازٹس 5 ارب (بقیہ نمبر 49)

صادق آباد، ڈھائی سال قبل اغوا ہونے والی لڑکی بازیاب

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد میں تھانہ بھونگ پولیس نے راجن پور کے کچے کے علاقے میں خصوصی دستے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ڈھائی سال قبل اغوا ہونے والی لڑکی عائشہ جاوید کو بازیاب کرالیا۔ ڈی پی او عرفان علی سموں کے مطابق لڑکی کو اگست 2024 میں بستی امانت علی سے اغوا کیا گیا تھا۔ پولیس مغوی لڑکی کی بازیابی کے لیے مسلسل کوششیں کررہی تھی۔ ڈی پی او کے مطابق کارروائی کے دوران اغوا کار فرار ہوگئے، جن (بقیہ نمبر 50)

خاتون صحافی کو سوشل میڈیا پر ہراساں کرنے والا ٹک ٹاکر گرفتار

خاتون صحافی کے خلاف نازیبا، توہین آمیز اور تضحیک آمیز ویڈیو اپ لوڈ کی تھی

لاہور (این این آئی) این سی سی آئی اے لاہور نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خاتون صحافی کو سوشل میڈیا پر ہراساں کرنے والے ٹک ٹاکر کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ٹک ٹاکر کی شناخت محمد شہریب عرف شہریب سیالکوٹی سکنہ سیالکوٹ کے نام سے ہوئی، ملزم کے خلاف خاتون صحافی کی شکایت پر مقدمہ درج کیا گیا، ٹک ٹاکر نے فیس بک پر خاتون صحافی کے خلاف نازیبا، توہین آمیز اور تضحیک آمیز ویڈیو اپ لوڈ کی تھی۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل (بقیہ نمبر 51)

کندھ کوٹ جماعت اسلامی کا مہنگائی اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج

پیٹرول پر 120 روپے سے زائد لیوی ٹیکس ختم کرنے کا مطالبہ، پیٹرول، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کرکے عوام کو فوری ریلیف دیا جائے

ڈیٹیکشن بلوں کا مسئلہ حل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کی جائے، مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، غلام مصطفیٰ میرانی و دیگر رہنما

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر ملک بھر کی طرح کندھ کوٹ میں بھی مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری لیوی ٹیکس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت جماعت اسلامی ضلع کشمور کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی نے کی، جس میں جماعت اسلامی کے کارکنوں اور رہنماؤں نے شرکت کرتے ہوئے حکومت کی معاشی پالیسیوں اور عوام کو درپیش مشکلات کے (بقیہ نمبر 6)

لاہور، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف، شہید میجر وجاہت وحید کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کررہے ہیں

شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے نئے قواعد تیار

ضبط شدہ سامان کی نیلامی اب الیکٹرانک نظام کے ذریعے کی جائیگی، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ضبط شدہ سامان کی آن لائن نیلامی کے نئے قواعد تیار کرلیے، سیلز ٹیکس رولز 2026 میں نیا باب شامل کردیا گیا، نئے ای آکشن سسٹم کے تحت فراڈ ثابت ہونے پر نیلام شدہ (بقیہ نمبر 53)

برطانیہ کے بارکلے بینک کا 5 ہزار ملازمین فارغ کرنے کا اعلان

لندن (این این آئی) برطانیہ کے بارکلے بینک نے اخراجات میں کمی اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر انحصار بڑھانے کیلئے 2026 کے اختتام تک دنیا بھر میں 5 ہزار ملازمتیں ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ رپورٹ کے مطابق یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مالی سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران بینک کے منافع میں 13 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بارکلے بینک کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ ملازمتوں میں کٹوتی کا مقصد ادارہ جاتی (بقیہ نمبر 52)

امریکی سفارتخانے کی جانب سے پہلی شاہکار فنکار نمائش کا افتتاح

ثقافتی تبادلہ پروگرام امریکی اور پاکستانی شہریوں کو قریب لانے کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) امریکی سفارتخانے، یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان (یو ایس ای ایف پی) اور پاکستان یو ایس ایلومینائی نیٹ ورک کی جانب سے یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم کی گئی نئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار ایلومینائی آرٹسٹ نمائش کا افتتاح کیا گیا، مذکورہ گیلری کے قیام کا مقصد فنون لطیفہ کے شعبے میں امریکی حکومت کے تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکا کی کامیابیوں کو اجاگر کرنا ہے۔ جمعہ کو جاری (بقیہ نمبر 54)

غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ سے مزید 4 فلسطینی شہید

مقبوضہ بیت المقدس: (اے ایف پی) غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ کے نتیجے میں کم از کم 4 فلسطینی شہید ہوگئے ہیں۔ غزہ شہر میں ایک گاڑی پر حملے میں کم از کم ایک شخص شہید ہوا جبکہ خان یونس میں سائیکل سوار فلسطینی اور نصیرات پناہ گزین کیمپ کے قریب ایک شخص اسرائیلی حملوں میں شہید ہوا، شمالی غزہ میں جبالیہ پناہ گزین کیمپ کے قریب فائرنگ سے ایک خاتون بھی شہید ہوگئیں۔ حماس کے زیر انتظام وزارت داخلہ کے مطابق (بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد: شہری امریکی سفارتخانے کی جانب سے پہلی شاہکار فنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش میں فن پارے دیکھ رہے ہیں

الجامعہ الامیریہ الغوثیہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات کے زیر اہتمام محفل میلادِ مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

تقریبِ ردائے فضیلت میں 35 حافظاتِ قرآن اور 22 تفسیری کورس مکمل کرنے والی طالبات کی چادر پوشی کی جائے گی

محفل کی سرپرستی پیر سید حسنین محمود شاہ اور آستانہ عالیہ امیریہ سیفیہ کی حضرت قبلہ مائی صاحبہ فرمائیں گی

*چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ میں الجامعہ الامیریہ الغوثیہ خدیجۃ الکبریٰ للبنات چکھمی کے زیر اہتمام محفلِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ بسلسلۂ ردائے فضیلت بروز ہفتہ، 24 اکتوبر کو چکوال روڈ پر واقع چوہدری میرج ہال میں منعقد ہوگی۔ اس بابرکت تقریب کی سرپرستی دربارِ عالیہ امیر آباد شریف، جاتلی کے سجادہ نشین قبلہ پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید حسنین محمود شاہ اور آستانہ عالیہ امیریہ سیفیہ، شاہ حسن ٹاؤن تترال، چکوال کی حضرت قبلہ مائی صاحبہ فرمائیں گی۔ تقریب کا نمایاں حصہ 35 حافظات (بقیہ نمبر 7)

پنوعاقل: پسند کی شادی کرنے والا جوڑا قتل، دو ملزمان گرفتار

میاں بیوی پنوعاقل آئے تو ملزمان نے تعاقب کرکے واپس جاتے ہوئے قتل کیا

سکھر (این این آئی) پنوعاقل میں قومی شاہراہ پر وی آئی پی گیٹ کے قریب ملزمان نے فائرنگ کرکے پسند کی شادی کرنے والے جوڑے کو قتل کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے دہرے قتل میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقتول لڑکی کی شناخت سدرہ سمیجو اور نوجوان کی شناخت دیدار شیخ کے نام سے ہوئی ہے۔ دونوں کی لاشیں تعلقہ ہسپتال پنوعاقل منتقل کردی گئیں۔ پولیس کے مطابق مسلح ملزمان نے قومی شاہراہ کے قریب ایک کوچ کو روک کر جوڑے کو نیچے اتارا اور فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لڑکی کا تعلق سمیجو جبکہ نوجوان کا تعلق شیخ برادری (بقیہ نمبر 56)